گدڑی میں لعل

اس کتاب کے جملہ حقوق مصنف سے باضابطہ خرید لئے

کتاب لاجواب

گدڑی میں لعل المسمیٰ به

مؤلفہ و مصنفہ

جناب حکیم مولوی غلام مصطفیٰ صاحب خلف الرشید جناب

مولوی گل محمد صاحب مصنف و مؤلف گنجینہ انشاء

صابون سازی و نعتیہ کلام گلزار جنت حصہ ... نمک ہندی

حسب فرمائش

منشی عزیز الدین نجم الدین تاجران کتب

... انجمن ...

... آنکھوں میں دو

... گا۔ جالا۔ دھند

گدڑی میں لعل

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ناظرین! آپ کی نظروں سے کئی ضخیم کتابیں گذری ہوں گی جس میں سینکڑوں
قسم کے ہنر درج ہوں گے اور سینکڑوں نسخہ جات بھی تحریر ہوں گے۔ مگر آپ
نے کوئی ہنر یا نسخہ آزمایا ہوگا تو قیمت ہی برباد کی ہوگی اور کچھ بھی نہ بنا
ہوگا۔ اور آپ بے امید اور مایوس ہو گئے ہوں گے۔ بندہ نے یہ کتاب جس
میں ہر ایک مرض کے مجرب اور تیر بہدف نسخہ جات جو کہ باراں سال جانفشانی
کوشش اور فقیروں مہاتماؤں سنیاسیوں کی سیوا اور ٹہل کر کے اور جان کو ہتھیلی پر رکھ
کر یہ مجرب نسخہ جات حاصل کئے ہیں جس وقت آپ ایک نسخہ آزمائیں گے۔ تیر بہدف اور
سریع التاثیر پائیں گے او ... کی محنت کی داد دیں گے اس کے علاوہ
... لکھے جاویں تو ایک بڑی اخبار کی صورت
...تے ہیں۔ مثلاً سوڈا واٹر بنانا۔ موم بتی
...ل پوڈر۔ خوشبودار تیل۔ طلسمی سانپ بنانا
...ے کا پوڈر اور پنسل۔ خضاب بنانے کا طریقہ۔ جوہر حیات بنانیکا
اور فتنہ بنانے کی ترکیب۔ بال لمبے کرنیکا خوشبودار تیل۔ کاپی لکھنے کی
...ر پر چھاپنے کی سیاہی۔ کافور بھیم سینی بنانا۔ گیس بنانے کا طریقہ۔ شربت ہر قسم بنانے
...ر لاکھ بنانیکی ترکیب۔ مہر لگانے کی لاکھ بنانا۔ سفری گوند کی ٹکیاں بنانا چاہئے
...ی بنانا۔ مچھوں پر لگانے کی پومیڈ بنانا۔ کپڑے پر نشان کرنیوالی سیاہی

پہلا باب نسخہ جات کے بیان میں

سر درد کا فوری علاج

صندل۔ کافور۔ سونٹھ۔ بادام۔ بدھارا۔ ہر ایک دوا نصف تولہ لے کر کوٹ چھان کر رکھو۔ جب درد سر شروع ہو۔ تو تھوڑا سا لے کر پانی میں گاڑھا گاڑھا حل کر کے درد والی جگہ لیپ کریں۔ چند منٹ میں درد رفع ہوگا مجرب ہے

سرسام کا مجرب علاج

بورہ صندل۔ کافور۔ سرکہ } سب کو عرق گلاب پانچ تولہ خالص میں ڈال دیں۔ اور
۲ درم ۱ درم ۵ درم } ایک شیشی میں رکھ دیں۔ جب ضرورت ہو۔ تو اسی
شیشی سے سنگھا دیں۔ فوراً آرام ہو جاوے گا

درد سر اور شقیقہ کا علاج

تربد موصوف سورنجاں ہڑ زرد گلسرخ بنفشہ افتیموں نمک ہندی
۱ ماشہ ″ ½ ماشہ ″ ″ ۳ ماشہ ″
بوزیدان انیسوں سقمونیا مشوی گوگل غاریقون سکنجبین
″ ″ ″ ″ ″ ″

ان سب ادویات کی گولیاں پیس چھان کر ہمراہ پانی بنا لیں۔ اور خوراک ۲ درم ہمراہ تازہ پانی کے کھلا دیں۔ فوراً آرام ہو جاوے گا

چھان کر کے شیشے
رف آنکھوں میں دو
ے گا۔ جالا۔ دھند

شقیقہ کے درد کے واسطے

نوشادر	گیری
۳ ماشہ	۱ ماشہ

ان دونوں کو کوٹ چھان کر نسوار بنالیں۔ دونوں نتھنوں میں لیں۔ فائدہ ہو۔ اگر اوپر کی ڈاڑھ میں درد ہو تو جس طرف درد ہو اس کے مخالف نتھنے میں سنگھاویں [illegible] دکھا۔

درد شقیقہ اور سوزش چشم کیلئے دوائی

پھٹکڑی	رسونت	ہلیلہ زرد	افیون	کافور
۱ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۱ ماشہ	۲ ماشہ

ان سب کوٹ کر پانی میں حل کر کے درد والی جگہ پر لگاویں۔ فوراً آرام ہوگا۔ اگر سوزش چشم ہے تو کافور کے علاوہ سب چیزیں لے کر ان کو پوست کے پانی میں حل کر کے ٹکیاں بنالیں اور بوقت ضرورت پوست کے پانی میں گھس کر آنکھ میں لگادیں مفید ہے۔

نسخہ برائے گرہ چشم

کشتہ جست	پھٹکڑی	سمندر جھگ	شیشہ نمک	سفید کاشغری
ا تولہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ

[طر]یقہ۔ سب چیزوں کو باریک الگ الگ چھان کر کے سرمہ بنائیں یعنی کانسی کے برتن میں ڈال [کر] یا سیاہی پتھر پر چھاپنے کی سیاہی پر پسیہ لگا ہوا ہو باریک کر کے سرمہ بنائیں اور [ٹکیہ] کا طریقہ۔ چیڑ لاکھ بنا تکلی نرکی پر چھڑکادیں اور اوپر سے مٹی کی ٹکیاں باندھ دیں۔ [illegible] ٹکیاں بنانا مضمون ہے۔

پلک گر جانے کا علاج

جس آدمی کے پلک گر گئے ہوں اسکو چاہیئے کہ گیرو باریک پیس کر کڑوے تیل میں ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ مرہم بنجاوے۔ یہ مرہم پلکوں پر لگاویں پھر پیدا ہو جاویں گے۔

سرمہ جو تمام امراض چشم کو مفید ہے

سہاگہ بریاں۔ نوشادر مصفی۔ سمندر جھاگ۔ سنگ بصری۔ قلمی شورہ۔ پھٹکڑی بریاں۔ مغز پلاس۔ مغز تخم سرس۔ چینی ہر ایک نیم تولہ۔ سرمہ سیاہ دس تولہ سب ادویات کو کوٹ کر عرق لیموں میں تین گھنٹہ تک خوب کھرل کریں اور سایہ میں خشک کر کے باریک کپڑے سے چھان کر شیشے کی بوتل میں رکھ لیں بوقت ضرورت سلائی سے آنکھوں میں لگاویں۔ اس سے ضعف بصارت۔ تاریکی چشم۔ دھند۔ غبار۔ جالا۔ پھولا۔ ککری۔ پڑوال سرخی چشم۔ خارش چشم سب کو فائدہ دیتا ہے مجرب ہے۔

یاقوتی سرمہ بنانے کا طریقہ

پھٹکڑی	قلمی شورہ	فلفلدراز	برگ سرس	برگ نیم	ہرڑ زنگی
۷ ماشہ	۳ ماشہ	½ ماشہ	½ ماشہ	½ ماشہ	½ ماشہ
چاکسو	سرمہ اصفہانی	آب مقطر			
½ ماشہ	۷ ماشہ	۵ تولہ			

ان سب ادویات کو سات دن تک کھرل کریں اور کپڑا چھان کر کے شیشے کی بوتل میں رکھ چھوڑیں اور رات کو سوتے وقت دونوں طرف آنکھوں میں دو دو سلائیاں ڈال کر سو رہیں۔ آنکھوں کی روشنی تیز کرے گا۔ جالا۔ دھند

غبار۔ سرخی چشم۔ اور عینک کی عادت کو چھڑا دے گا۔ بہت مفید ہے
بچے سے بوڑھے تک اکسیر کا حکم رکھتا ہے مجرب ہے:۔

آنکھ سے پانی بہنے کا علاج

ایک چاندی کی سلائی بنوا کر موافق ضرورت اس پر افیون کا لیپ کریں جس آنکھ سے پانی بہتا ہو اس میں روزانہ پھیرنی شروع کریں۔ سلائی پھیرنے وقت پانی بھی جاری ہوگا۔ اور جلن بھی ہوگی۔ لیکن جلن کے بعد آرام ہوگا جب تک استعمال کریں۔ گڑ۔ ترشی۔ بیگن۔ نہلی اور تیل سے پرہیز کریں۔ مجرب ہے:۔

آنکھوں کے جملہ امراض کا علاج

مرچ سیاہ۔ نیلہ تھوتھا۔ ببول کے درخت کا کوئلہ ہموزن لیکر سرمہ بنالیں۔ پھر نیلہ تھوتھا کو سولہ پہر اور کوئلہ کو چوبیس پہر خوب کھرل کریں اور کپڑے میں چھان کر ملاویں اور شیشے والی بوتل میں رکھدیں۔ ایک سلائی آنکھوں میں پھر لیجا دے تو اس سے آنکھوں کی سرخی۔ خارش۔ تاریکی۔ پھولا۔ جالا اور آشوب چشم اور آنکھوں میں نزلہ کی شکایت کو دور کرتا ہے اور دھند کے لئے بھی اکسیر ہے۔ مجرب ہے:۔

آنکھوں کے جملہ امراض کا علاج

سنگ بصری ایک تولہ کو پانی میں چالیس دن تک رکھیں یا پانی کے گھڑے میں ڈال دیں۔ چالیس دن کے بعد اس کو کھرل کریں اور انڈے میں بھر کر گوشت میں بھون لیں۔ اور پھر اسکو کھرل کرکے اور مثل سرمہ بنا کر آنکھوں میں لگا دیں مجرب ہے:۔

ڈاڑھ درد کا علاج

نیلہ تھوتھا	پھٹکڑی	نمک لاہوری
۱ تولہ	۲ تولہ	۳ تولہ

سب کو کوٹ چھان کر منجن بنالیں اور دانت پر ملیں۔ ہر قسم کے درد کے واسطے مفید ہے: مجرب ہے۔

درد دانت کا علاج

شیشہ نمک کو کوزہ مٹی میں پیس کر ڈال دیں اور اس کے اوپر آک کا دودھ تر بتر کر کے کوزہ کا منہ بند کر کے آگ دے دو۔ نمک جلد سیاہ ہو جاوے گا۔ تھوڑا سا لیکر دانتوں پر ملو۔ اور منہ ڈھیلا چھوڑ دو۔ تاکہ پانی نکل جاوے اور بالکل آرام آجاوے گی:۔ مجرب ہے:۔

درد دنداں کا مجرب علاج!

پانچوں نمک	سونٹھ	مرچ سیاہ	پلپل	نیلہ تھوتھا	بریاں	ماجو
ہر ایک یک تولہ	۱ تولہ	″		″		″
بار تنگ		سفوف چھال مولسری				
″		۴ تولہ				

ان سب ادویات کو خشک کر کے کوٹ چھان لیں اور مثل منجن کے استعمال کریں یہ منجن دانتوں کی میل کو دور کرتا ہے۔ چند ہی دنوں میں دانت مثل موتیوں کے چمکا دیتا ہے اور تمام امراض دنداں کو مفید ہے۔ ہلتے دانتوں کو محکم کرنے میں لاثانی ہے:۔

٭٭٭

سرخی چشم اور دھند کا علاج

پھٹکڑی	نوشادر	قلمی شورا	توتیا سبز
۲ تولہ	″	″	۱ ماشہ

سب کو پیس کر مثل سرمہ بنالیں اور سوتے وقت آنکھوں میں لگادیں۔ آرام جلدی ہوگا مجرب ہے:-

چٹا اور پھولا کا شرطیہ علاج

رنگکار	سفیدہ کاشغری	کشتہ جست	کتیرا گوند
۱ تولہ	″	″	۱ ماشہ

سب کو پیس کر کھرل کرکے کپڑچھان کرکے مثل سرمہ بنالیں۔ اور اس کو سوتی دفعہ سلائی سے آنکھوں میں لگاویں۔ کامل فائدہ ہوگا۔ اور مجرب ہے۔ اور شرطیہ ہے......

پھولا چشم کا شرطیہ علاج

نیلا تھوتھا	سرمہ سفید	سرمہ سیاہ	مصری کالپی	نوشادر
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ
سمندر جھاگ	پھٹکڑی			
۱ تولہ	۱ تولہ			

نیلا تھوتھا۔ پھٹکڑی کا پھلا بنالیں۔ اور گائے کے دودھ میں چودہ دن تک کھرل کریں اور بعد میں گولیاں بنا کر شیشے کی بوتل میں رکھ چھوڑیں۔ حسب ضرورت شہد میں رگڑ کر آنکھ میں لگاویں۔ مفید ہے۔ بلکہ تریاق ہے:-

کھانسی کا علاج

ملٹھی مقشر کتیرا گوند کتھہ سفید ببول کا گوند نشاستہ مصری سب ہموزن لے کر اور پیس چھان کر ادرک کے پانی میں بیر کے موافق گولیاں بنالیں اور منہ میں رکھ کر چوسا کریں۔ ہر قسم کی کھانسی کے لیئے یہی گولیاں اکسیر ہیں:-

دمہ کا آسان علاج

ایک سیر تمباکو پینے والے کو لیکر راکھ کر لیں۔ پھر اس راکھ کو باریک پیس کر پانی میں حل کر کے رکھ دیں۔ دو دن کے بعد اسی پانی کو ہلا کر کسی کپڑے سے چھان کر رکھیں۔ اس چھانے ہوئے پانی کو کسی برتن میں ڈال کر نرم آگ پر پکاویں۔ جب پانی بالکل ختم جاوے۔ تو اس میں سے تھوڑا سا نمک نکلیگا۔ اس نمک کو ایک رتی روز کھانے سے ہر قسم کی کھانسی اور دمہ کو شرطیہ دور کرتا ہے۔

دوا مذکور کو پانی کے ہمراہ کہانا چاہیئے

پرہیز:- تیل۔ کھٹی۔ میٹھی اور ریزش پیدا کرنیوالی چیز ہے۔

گرم کھانسی کا علاج

صمغ عربی نشاستہ رب السوس تخم خشخاس کتیرا مویز منقی ملٹھی ہر ایک تین تین درم۔ مغز کدو۔ مغز تخم خیارین ہر ایک دو درم شہد بقدر حاجت سب چیزوں کو باریک کر کے اور چھان کر شہد میں گولی بقدر بیر کے بناویں اور سوتے وقت ایک گولی منہ میں رکھیں۔ فائدہ ہوگا:-

خشک کھانسی کا علاج

نیلوفر	بنفشہ	خطمی	خبازی	عناب	لسوڑیاں	ملٹھی	بہدانہ
۳ تولہ	۲ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۲۰ عدد	۲۰ عدد	۲ تولہ	۱ ,,

مصری ۳/۴ سیر } ان سب اشیاء کا شربت بنا کر استعمال کریں۔ خشک کھانسی فوراً دفع ہو۔

دمہ کا مجرب علاج

ہڑتال طبقی ۳ ماشہ۔ کھانے کے چونے کی ڈلی ۳ ماشہ۔ پہلی دوا کو اتنا پیسیں کہ چمک نہ رہے۔ پھر چونہ ملا کر پیسو۔ جب خوب حل ہو جاوے قدرے پانی ڈال کر مسور کے برابر گولیاں بنا لو۔ اور دمہ کے عارضہ میں ایک گولی کھا لو۔ اور اوپر سے چھٹانک بھر بالائی کھا لو۔ سات روز تک استعمال کرو۔ فائدہ بیّن دے گا۔ پرہیز کھٹی اور تیل اور ترش اشیاء سے ہے۔

کھانسی کا مجرب علاج

حرمل۔ سمندر جھاگ۔ ہموزن لیکر ہر دو کو عرق سونف میں کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیاں بناویں رات کو سوتے وقت ایک گولی کھا لیں آرام ہو گا:۔

دمہ کا مجرب علاج

آک کے لونگ اور نگھاں ہموزن لے کر باریک کوٹ کر ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں اور سوتے دفعہ ایک گولی کھا لیں۔ بہت جلد آرام ہو گا۔
پرہیز:۔ کھٹی میٹھی۔ ترش اشیاء اور تیل سے پرہیز رہے۔

شدید کھانسی کا آسان علاج

مغز بادام شیریں - مغز بادام تلخ - تخم السی بریاں - مغز چلغوزہ - کتیرا
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۳ ماشہ

انیسوں - گوند ببول - ملٹھی - رب السوس - قند سفید
۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۱½ تولہ

آب تازہ اور قدرے شہد میں گولیاں بنائیں۔ بوقت ضرورت ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسا کریں۔ کثیر فائدہ دیگا۔

پچیس تیس سالہ دمہ کے واسطے مجرب دوائی ہے

تمباکو پینے والا دیسی درجہ اول کڑوا - پھٹکڑی
ایک سیر ۱۰ تولہ

تمباکو میں چار سیر پانی ڈال کر شام کو بھگو دیں اور صبح کو ایک کڑاہی میں پھٹکڑی کا پھلہ بنا دیں اور آگ دیوے کی لاٹ کی طرح جلا دیں اس پانی کا نتارا لے کر کیا اس کے ساتھ اس پھٹکڑی کے پھلے میں ڈالتے جاویں جس وہ تمام پانی خشک ہو جاوے اسکو اتار کر ڈھانک دیں۔ جب سرد ہو جاوے تو پیس کر بوتل مصفا میں ڈال کر رکھیں۔ ایک تنکا بھر مکھن یا بالائی میں لپیٹ کر ۴۱ روز کھاویں۔ اور گھی کا بھی استعمال کریں۔ کھٹی میٹھی تیل اور ترش اشیاء سے پرہیز لازمی ہے۔ مکھن یا بالائی ایک چھٹانک تک ہونی چاہئیے۔

بالکل مجرب اور ہزاروں دفعہ آزمایا ہوا نسخہ ہے اس سے کئی ہزار لوگ شفا پا چکے ہیں۔ مگر سنیاسی صاحب کا حکم ہے کہ اس دوائی کو خدا کی راہ پر مفت تقسیم کیا کرو۔ اس لئے عوام سے عرض ہے کہ اس دوائی کو خدا کے واسطے ہی مفت تقسیم کریں۔ لالچ ہرگز نہ کریں ورنہ فائدہ مشکل ہے۔

نسخہ برائے دمہ مجرب ہے

کبوتر جنگلی ایک عدد - افیون ۲ ماشہ - کبوتر کو صاف کر کے اس میں افیون بھر دیں - اور اس کو ایک بڑی ٹھنڈا کوئیں والی میں بند کر کے گل حکمت کریں - اور سات آٹھ بار بیر کی لکڑی کی آنچ دیں - جس وقت وہ خاک ہو جاوے ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ مکھن کے استعمال کریں - سات دن تک استعمال کریں - بعد میں بند کر دیں - انشاءاللہ تعالےٰ خداوند کریم اپنا فضل و کرم کر دے گا - سینکڑوں دفعہ تجربہ کیا ہے - مفید اور نیز بہدف پایا گیا ہے -

ہر قسم کی کھانسی کا علاج

مرچ سیاہ	پلپل	جوکھار	انار کی چھال
۱ تولہ	۱ تولہ	۶ ماشہ	۱ تولہ

ان چاروں ادویہ کا سفوف بنا کر آٹھ پہر گڑ میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں - اس گولی کو منہ میں رکھ کر چوسنے سے ہر قسم کی کھانسی بلاشبہ دور ہو جاتی ہے - پہلے روز ہی فائدہ معلوم ہوتا ہے - اس سے بڑھ کر اور سہل نسخہ ملنا محال ہے - مجرب ہے -

خنازیر کا مجرب نسخہ

تین تعویذ خالص سونے کے بنوا کر ان میں نہایت باریک سوئی کی نوک کے برابر سوراخ کئے جاویں - اور پھر ان میں سم الفار فی تعویذ ایک رتی ڈال کر خوب بند کر کے گلے میں ڈال دیں - کہ حلق کے ساتھ چمٹے رہیں - بہت جلد فائدہ ہوگا - ترش اشیاء سے پرہیز ؎

مرگی کا آسان علاج

برگ عشق پیچہ نچوڑ کر ناک میں ٹپکاویں - بہت جلد مریض کو آرام ہو - مفید ہے -

مرگی کا علاج

سنکھ پشپی - بچ - برہمی - کٹھ - الائچی خورد - عقرقرحا - ہم وزن سب کو باریک پیس کر سفوف کر لیں - اس میں دو چاول پارے کا کشتہ ڈال کر ہر صبح ہمراہ شہد خالص ۳ ماشہ استعمال کریں - ہر قسم کی مرگی کے لئے اکسیر ہے مجرب ہے -

مرگی کا علاج

درچ پانچ تولہ - شہد خالص - ۱۰ تولہ میں ملا کر بقدر تین ماشہ ہر روز کھاویں اس سے قے ہوگی - اور بلغم خارج ہو کر مرگی سے شفا حاصل ہو گی - مجرب ہے ...... ؎

آواز کے بیٹھ جانیکا علاج

برگ امرود	پوست ہلیلہ	بچ	پلپل	براہمی	بہدانہ	شہد خالص
۱ تولہ	۱ تولہ	۳ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۵ تولہ

کوٹ چھان کر اور شہد میں ملا کر قوام کریں - بقدر ایک یا ڈیڑھ تولہ کے دو ہفتہ تک کھاویں - مجرب ہے ؎

حافظہ کا کم خرچ اور لاجواب نسخہ

بچ کا سفوف ۳ ماشہ ہر روز شیر گائے تازہ کے ہمراہ تین ہفتہ تک کھاویں

حافظہ بہت بیتز ہوگا ۔ اور دماغی محنت کرنے کی طاقت از سر نو پیدا ہوتی ہے طالب علموں ۔ وکیلوں ۔ واعظوں ۔ اور دماغی محنت کرنے والوں کے لئے اکسیر کا حکم رکھتا ہے ۔ اس سے کم خرچ اور اعلےٰ نسخہ ملنا محال ہے ۔ مجرب ہے

بدبوئے بینی کا علاج

چاولوں کو آک کے دودھ میں تین دفعہ تر کر کے خشک کر کے کریں اور باریک مانند نسوار کر لیں ۔ پھر بحساب ایک تولہ پندرہ بوند گدھے کا پیشاب ڈالیں اور رکھ چھوڑیں ۔ ہر روز دوپہر کے وقت ایک دفعہ ہلاس لیں خوب چھینکیں آویں گی ۔ اگر زیادہ لیں ۔ تو مکھن کا ہلاس لیں ۔ مکھن اور کافور ملا کر علیحدہ رکھ لیں اور تھوڑی دیر کے بعد اس کا ہلاس لے لیا کریں ۔ تاکہ پہلے ہلاس کی گرمی دور ہو جایا کرے ۔ مفید ہے

ضعف جگر (جگر کی کمزوری اور دھڑکن) کیلئے مجرب علاج

کول ڈوڈے گیارہ عدد جوکوب کر کے پانی میں بھگو رکھیں ۔ سارے رات بھیگے رہیں ۔ اور صبح کو گریاں نکال کر کوزے کی مصری ایک تولہ اور ایک چھٹانک مکھن گائے اور گیارہ عدد الائچی خورد سب کو گھوٹ کر اور ملا کر انگلی کے ساتھ کھائیں ۔ مفید ہے

دمہ کے کیلئے مجرب علاج

اطریفل کشنیزی عمدہ ۹ ماشہ سوتے وقت عرق گاؤزبان عمدہ ۲ چھٹانک کے ساتھ کھا لیا کریں ۔ کم از کم اسّی روز کھاویں ۔ شام کا کھانا ۔ صبح سے کم کھاویں ۔ اور آفتاب غروب ہونے سے پیشتر کھائیں ۔ تاکہ سونے

تک ہضم ہو جاوے۔ بہت فائدہ دیتا ہے ؛

کمزوری جگر کیواسطے علاج

قلعی ۶ ماشہ پارہ ۳ ماشہ قلعی کو خوب گرم کر کے جب کہ پانی ہو جاوے۔ تب زمین میں ایک چھید کریں اور اسمیں پارہ ڈالدیں اور بعد ازاں گرم گرم قلعی بھی اسی میں ڈالدیں۔ اور وہ ایک ڈلا سا ہو جائیگا اس ڈلے کو نیم کی نگدے میں لپیٹ کر پھر کپڑے میں لپیٹ کر اور مٹی لگا کر اور پھر کپڑا لگا اور مٹی لگا کر پھر کپڑا لگا کر پھر مٹی لگا کر دس سیر اوپلوں میں جو ہر اڑائیں۔ یہ ہر قسم کی کمزوری اور ضعف جگر کے لئے مفید ہے۔ تین رتی ہمراہ مکھن یا بالائی بوقت صبح استعمال کریں کمال درجہ مفید ہے۔ مجرب ہے ؛

کمزوری اور ضعف کیلئے علاج

ابرق ایک تولہ کو پیس کر گدہی کے آدھ سیر دودھ میں کھرل رہیں جب دودھ سوکھ جاوے گا۔ تو ابرق مانند کھیل کے ہو جاوے گا۔ اس کو تین رتی ہمراہ بالائی یا مکھن استعمال کریں۔ ہر قسم کی کمزوری اور ضعف کے واسطے لاثانی ہے ؛

پھلبہری کا لاثانی علاج

باپچی	تخم مولی	زرنیخ	سوہاگہ	سم الفار	نیلہ تھوتھا
ا تولہ	ا تولہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

کاغذی لیموں کے رس میں دو دن تک کھرل کریں اور گولیاں بنا ہر روز کئی دفعہ لیموں کی رس کے تیز سرکہ میں گھس کر سفید داغوں پر لگاویں۔ بہت جلد صحت ہو گی۔ مجرب المجرب ہے ؛

ہاتھ پاؤں کے پھٹ جانیکا علاج

روغن کنجد	رال	موم	روغن زرد یا چربی
۶ تولہ	۳ ماشہ	۴ ماشہ	۲ ماشہ

ان جملہ اجزاء کو خوب گرم کرکے رکھ چھوڑیں۔ رات کو سونے سے پہلے ہاتھ پاؤں کو مالش کریں۔ فوراً تندرست ہو جاویں۔

ہاتھ پاؤں کے پھٹنے کا علاج

نمک لاہوری نیم پاؤ۔ تیل کنجد نیم پاؤ۔ دونوں کو ایک سیر بھر پانی میں ملاکر کڑاہی میں ڈال دیں۔ اور جوش دیں۔ جب پانی بالکل جل جاوے۔ اور تیل صرف رہ جاوے اتار لیں۔ اور روز رات کو ہاتھ پاؤں کی مالش کیا کریں۔ بالکل تندرست ہو جاویں گے۔ مجرب ہے۔

دہدڑی کیواسطے مجرب ہے

گاچنی نیم پاؤ صابون ۴ تولہ نیلا تھوتھا ایک تولہ۔ دھنیاں سوختہ دو تولہ۔ روغن زرد پانچ تولہ ان سب ادویات کو باریک پیس کر اور روغن زرد میں ملاکر مثل مرہم کے تیار کرکے ہر روز کاغذوں پر لگا کر لگائی جاوے۔ بہت جلد آرام ہوگا۔ اگر کوئی اور زخم ہو گیا ہو اور اس پر بھی لگا دینے سے آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

ہر قسم کے زخم کیلئے مرہم

سفیدہ کاشغری ۱۔ اونس۔ سندھورا ۱۔ اونس۔ میٹھا تیل ۱۔ اونس موم ۱/۴ اونس اور رال ۱/۴ اونس۔ پہلے ... تیل کو جوش دیویں۔

جب جوش آجاوے۔ تو اس میں پہلے سندہور ڈال دیں بعد ازاں سفیدہ کاشغری ڈال دیں جس وقت قوام کا رنگ بھوسلا ہو جاوے۔ بعد ازاں موم ڈال دیں۔ جس وقت ہر دو حل ہو جاویں۔ یک لخت قوام کو اتار لیں۔ اور پھاہیہ بنا کر ایک زخم پر لگا دیں۔ فوراً زخم بھر جاوے گا۔ اور بالکل آرام ہو جاوے گا۔

مجرب اور آزمودہ ہے۔

مرہم برائے چنبل وغیرہ

مہندی	موم دیسی	نیلا تھوتھا
	۲ تولہ	۲ ماشہ

ترکیب:۔ پہلے نیلہ تھوتھا کا پھُلہ بنا لیں۔ پھر میدہ کپڑ چھان کر کے سندہور ایک تولہ۔ میٹھا تیل نیم پاؤ۔ آٹا گندم نصف وزن مہندی کا لیں۔ پہلے موم کو کڑاہی میں ڈال۔ جب پگھل جاوے تو تیل بھی ڈال دیں۔ اور پھر تمام چیزیں ڈال دیں۔ جس وقت تھوڑا سا سینک لگ جاوے۔ اسیوقت اتار لیں۔ مرہم تیار ہے۔ کسی چینی کے برتن میں ڈال کر رکھ دیں۔ اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔ نہایت اکسیر ہے ؛

مرہم برائے چنبل کا

رال	کمیلہ	شنگرف	نیلہ تھوتھا	موم کچا	سیندور	روغن تل
۶ ماشہ	۲ ماشہ	۳ ماشہ	۴ رتی	۲ تولہ	۶ ماشہ	۸ تولہ

ان سب کو ملاویں۔ یعنی پہلے موم کو گرم کریں اور روغن زرد شامل کریں بعد ازاں سب ادویات کو ملا کر جب قوام ہو جاوے اتار لیں۔ مرہم تیار ہے۔ بوقت ضرورت استعمال کریں۔ بالکل مفید اور اکسیر ہے۔

قبض کا آسان علاج

سونف	سفوف ہیرڑ	ہلیلہ کلاں	سہاگہ بریاں	مرچ سیاہ	بدھارا
ایکتولہ	یکتولہ	یکتولہ	۲ ماشہ	۶ ماشہ	۲ ماشہ

سب کو لعاب گھیکوار میں کھرل کریں اور چنے برابر گولیاں بنا رکھیں رات کو دو گولی ہمراہ شیر گرم کھاویں۔ قبض دور ہوگا۔ بھوک خوب لگیگی۔ مجرب ہے۔

ہاضمہ کی گولیاں بنانا

نمک سانبھری۔ نمک اندرانی۔ نمک سیاہ۔ نمک نفطی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ آملہ مقشر۔ الائچی دانہ۔ سونف۔ اجوائن۔ پودینہ۔ ہر ایک تولہ۔ زیرہ سیاہ۔ زیرہ سفید۔ زنجبیل فلفل گرد۔ فلفلدراز۔ گلسرخ۔ شیطرج۔ نوشادر۔ سنا مکی دارچینی ہر ایک دو تولہ۔ ہینگ بریاں ۲ ماشہ چوبیس عدد لیموں کے پانی میں کھرل کرکے بیر کے موافق گولیاں بنا کر ایک گولی ہر روز ہمراہ پانی کی کھایا کریں۔ ہاضمہ کو درست کرکے تندرستی لاتا ہے۔ مجرب ہے :۔

بدہضمی۔ دردِ شکم ہیضہ۔ جی کا متلانا وغیرہم۔

زنجبیل	فلفلگرد	فلفلدراز	سونچل نمک	لاہوری نمک	خشک پودینہ
½۱ تولہ	۳ تولہ	½۱ تولہ	½۱ تولہ	۳ تولہ	تولہ

جوکھار	املبید	سوڈاسجی	دانہ الائچی	زیرہ سیاہ	پوست زرد ازج
۹ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ	۱ تولہ	۴ ماشہ	۱ تولہ

کشنیز خشک ۔ لسابہ ۔ زیرہ سفید ۔ انار دانہ بریاں ۔ سہاگہ بریان
۹ ماشہ ۷ ماشہ ۹ ماشہ ½ ۱ تولہ ۹ ماشہ
دار چینی ۔ سنبل الطیب ۔ زرنب ۔ جائفل ۔ جوہر بادیاں ۔ عرق لیموں
۱۰ ماشہ ۶ ماشہ ۱۰ ماشہ ۴ ماشہ ½ ۱ ماشہ ۸ تولہ
سرکہ جامن ۸ تولہ } ان سب چیزوں کو کھرل کر کے چار چار رتی کی گولیاں بنالو حسب ضرورت ایک گولی ہمراہ پانی دیں جادو کا اثر رکھتی ہیں اور کئی دفعہ آزما کر سریع التاثیر پائی گئی ہیں۔ کوئی گھر ان گولیوں سے خالی نہ رہنا چاہیئے۔

نمک سلیمانی برائے بدہضمی وغیرہ

نمک سانبر ۔ نمک سیاہ ۔ پودینہ خشک ۔ موی کہار ۔ پھٹکڑی
۲ تولہ ۲ تولہ ۲ چھٹانک ۲ چھٹانک ۱ تولہ

سب اشیاء کو کوٹ چھانکر پاؤ بھر پانی میں ملا کر ایک ہانڈی میں ڈالکر گل حکمت کریں اور چار یوم کے بعد بوتل میں ڈالدیں۔ یہ نمک سلیمانی بن جاوے گا۔ خوراک ایک چٹکی بھر ہے۔ یہ نمک سلیمانی دائمی قبض۔ بدہضمی۔ شکم درد۔ کھٹے ڈکار آنا۔ تاپ تلی۔ ضعف معدہ۔ اسہال و پیچش۔ بواسیر۔ درد گردہ۔ دمہ۔ ضعف دماغ۔ نامردی۔ جریان۔ دھات کا پتلا ہونا۔ بھوک زیادہ کرتا ہے۔ اور غذا فوراً ہضم کرتا ہے۔ مجرب ہے

بدہضمی کا آسان نسخہ

پتیگن کا پیٹ چاک کر کے اس میں نوشادر بھر دیں۔ اور چینی کے برتن میں رکھ دیں۔ اسکا عرق نکل آوے گا۔ اس کی ایک یا دو بوند بتاشہ یا مصری پر ڈالکر کھانے سے بدہضمی دور ہو جاتی ہے۔

نمک مسیحائی واسطے ہاضمہ کے مفید و لاجواب ہے

نمک لاہوری	نمک سانبھر	نمک سیاہ	نمک نوڈن	جوکھار	پھٹکی
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۴ تولہ	۴ تولہ	۴ تولہ

سجی کھار ۴ تولہ ۔ اجوائن ۴ تولہ } تمام نمکوں کو آدھ پاؤ عرق لیموں میں کھرل کر کے سایہ میں خشک کریں اور باقی ادویات بمعہ مفصلہ ذیل ادویات اس میں ملاویں۔

نوشادر مصفیٰ	مولی کھار	کالی مرچ	کالا زیرہ	دارچینی	سہاگہ بریاں
۶ تولہ	۱۰ تولہ	۴ تولہ	۴ تولہ	۱ تولہ	۲ تولہ

پپلیل ۲ تولہ ۔ سونٹھ ۴ تولہ } ان تمام ادویات کو کوٹ چھان کر ملا رکھیں۔ خوراک ایک رتی سے ایک ماشہ تک ہے۔ معدہ کو رطوبت سے صاف کرتا ہے۔ اور قوتِ مردانگی بڑھاتا ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ اور خوراک ہضم کرتا ہے۔ نہایت خوش ذائقہ اور مفید ہے۔ ہاضم بھی ہے۔ جی متلانے درد پیٹ درد گردہ کو دور کرتا ہے۔ مثانہ کو گرم رکھتا ہے۔ سلسل البول کو بھی مفید ہے۔ بیضہ نیمبرشت کے ساتھ کھانے سے قوت مردانگی کو بڑھاتا ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے اور ترش ڈکاروں روکتا ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ سب امراض کا قلع قمع کرتا ہے۔ ہزاروں دفعہ آزما کر اور مفید بلکہ مجرب المجرب پا کر عوام کے فائدہ کی خاطر لکھا ہے۔

بخار کا علاج

ٹنکچر سٹیل ۱۔ اونس ۔ کونین ۴۔ اونس دونو کو حل کر کے دو بڑی بوتلوں میں نصف نصف کر کے تقسیم کرلو۔ اور پھر ان بوتلوں کو بالکل پانی سے بھر دیں۔ جوان آدمی کے لئے ایک چمچہ صبح اور ایک شام اور بچہ کو دو بوند ہمراہ دودھ کے دیں۔ ہر قسم کا بخار

تپ۔ چوتھا۔ روزانہ۔ کسی قسم کا پروانہ ہو۔ فوراً دور ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

بخار خواہ کسی قسم کا ہو اکسیر ہے

چرائتہ کے پتے بند ہور۔ مرچ سیاہ۔ تینوں ہموزن لے کر گھوٹ کر یکجان کر لیویں۔ اور گولیاں برابر نخود کے بناویں دو گولی ہمراہ عرق ادرک بیمار کو دیں دو گولی صبح اور دو گولی شام دیں جسوقت پسینہ آوے۔ فوراً کپڑے اتار دیں فوراً آرام ہو جائیگا۔ خوراک ساگودانہ۔ ڈبل روٹی۔ دودھ چاول ہی۔ مجرب ہے

بخار کا علاج

ہر قسم کے بخار کیلئے تلسی کے پتوں کا عرق یا کنیر کے پتوں کا عرق نکالکر پی لیں اور اوپر سے ایک تولہ شہد کھالیں۔ اور ساتھ ہی پانچ عدد فلفلدراز کھالیویں اور کپڑا اوڑھ کر لیٹ جاویں پسینہ آکر فوراً بخار اتر جاویگا

بخار کا علاج

مغز کرنجوہ ایک تولہ۔ فلفلدراز ایک عدد۔ ببول کی پتی چھ ماشہ ان سب چیزوں کو کوٹ چھان کر آب تازہ میں بیر کے موافق گولیاں بنالیں۔ اور مریض کو ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی کے کھلاویں۔ تو باری چوتھیہ۔ کا بخار بھی انشاء اللہ تعالےٰ دور ہوگا۔ بہت دفعہ کا مجرب نسخہ ہے۔

نوٹ مسہل واسطے جلاب کے

تربد سفید تین درم۔ زنجبیل ایک درم۔ مصطگی نیم درم۔ روغن بادام میں چرب

کر کے گرم پانی کے ہمراہ پھکا دیں۔ دست لاویگا۔ طبیعت کو صاف کریگا۔

مسہل کی ترکیب

برگ سنائکی۔ گلسرخ۔ پوست ہلیلہ زرد۔ تربد سفید۔ حب النیل۔ سورنجان شیریں تخم خنظل۔ سقمونیا مشوی۔ نمک سنگ۔ ایارج فیقرا۔ فلفل الدق زنجبیل۔ مساوی الوزن لیکر سفوف بنا کر ایکتولہ گرم پانی کے ہمراہ پھکا دیں۔ بہت جلد دست لاتا ہے۔ مجرب ہے

مسہل کی ترکیب

شورہ قلمی ڈیڑھ تولہ۔ جوکھار ایک تولہ۔ ریوند چینی ایک درم۔ زیرہ سفید ۲ تولہ سب ادویایہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں اور کچی لسی کے ساتھ چھ ماشہ سے ایک تولہ تک پھکاویں۔ اور اوپر سے لسی خوب بار بار پیویں تاکہ دست خوب آویں مجرب ہے

تپ دق کا آسان علاج

صندل گلاب میں رگڑا ہوا۔ زہر مہرہ گلاب میں رگڑا ہوا۔ کتھ سفید۔ کتیرا۔ تخم کاہو بنفشہ۔ تخم خشخاش ہر ایک ½ تولہ۔ زعفران ۳ ماشہ۔ مغز کدو شیریں ایکتولہ۔ مغز بہدانہ ایک تولہ سب کو پیس کر چھانکر لعاب اسپغول میں چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔ دو گولی صبح اور دو گولی شام ہمراہ پانی تین ہفتہ تک کھاویں اور کھٹی میٹھی تیل والی اور ترش اشیا سے پرہیز کریں۔ آرام ہو جاوے گا خداوند کریم کے فضل سے بالکل شفا کلی ہو گی

بیر

اسہال پیچش وسنگرہنی وغیرہ کا علاج

پارہ مصفی۔ گندھک آملہ سار مصفی۔ اندر جو شیریں۔ ناگر موتھہ۔ گل دھاوا۔ موچرس۔ افیون ہر ایک ا تولہ۔ اول پارہ اور گندھک کو اسقدر کھرل کریں کہ پارہ بالکل نابود ہو جاوے۔ پھر دیگر ادویات ملا کر کھرل کریں اور دوائی بطور سفوف بنا کر بوتل میں رکھ دیں۔ استعمال اس کا یہ ہے۔ کہ تین رتی دوائی انار کے پانی کے ہمراہ کھاویں۔ دو تین دن تک بیماری دور ہو جاویگی۔ ایکدفعہ صبح ہی کھانی چاہئے۔ لڑکوں کی پیچش۔ اسہال۔ سنگرہنی وغیرہ ایک خوراک سے دور ہو جاتی ہے۔ مقدار خوراک نصف رتی سے ا رتی تک ہے۔ ہیضہ۔ دست اور قے میں بھی تین دفعہ شاذونادر ہی دینے کا اتفاق ہوتا ہے۔ بہت ہی مجرب اور سریع التاثیر ہے.....

اسہال و پیچش کی مجرب دوائی

کتیرہ گوند ۲ ماشہ۔ موچرس ۲ ماشہ۔ دونوں کو پانی میں رات کو بھگو رکھیں۔ صبح اٹھ کر ایک پاؤ دہی لے کر اس میں دونوں چیزیں ملا کر اور قند سفید ڈالکر نہار منہ نوش کریں۔ تین دن کے استعمال سے بالکل تندرست ہو جاتا ہے۔ بہت دفعہ تجربہ میں آچکا ہے۔

طحال تاپ تلی کا علاج

میگنیشیا ا تولہ۔ نائیٹریٹ آف آئرن کونین ۲ ماشہ۔ دونوں کو ملا کر بیس ۲۰ خوراک کر لیویں۔ اور ایک خوراک شام کو پی لیا کریں۔ بڑھی ہوئی تلی کا ایک ماہ میں نشان نہ ملے گا۔ کہ کہاں چلی گئی ہے۔ مجرب ہے۔

طحال کا آسان علاج

ایلوا۔ ہینگ۔ سہاگہ۔ نوشادر مصفےٰ۔ سجی سفید۔ سب ہموزن لیکر گھیکوار کے لعاب میں کھرل کر کے گولیاں موافق بیر کے بناویں۔ اور ایک گولی روز ہمراہ پانی کے کھاویں۔ تلی اور لیپھ کے لئے مجرب ہے ؛

قوت باہ کا نسخہ

گوند ڈھاک۔ گوند کیکر۔ پھلی کیکر۔ چھال کیکر۔ موصلی سفید۔ موصلی سیاہ۔ سنبل کی جڑ۔ تال مکھانہ۔ اندرجو شیریں۔ بہمن سرخ ہر ایک دو دو تولہ سب ادویات کو کوٹ چھان کر سفوف مذکور کے ہموزن مصری ملا کر رکھ چھوڑیں۔ ا تولہ ہر روز بوقت صبح ہمراہ دودھ گاؤ نیم گرم کر کے کھایا کریں۔ تین ہفتہ میں منی کثرت سے بڑھے گی۔ اور قوت مردانگی کا تماشا دیکھیں۔ بہت دفعہ آزمایا ہوا ہے۔

قوت باہ کا عجیب نسخہ

مغز بادام۔ چہار مغز۔ حب البطم۔ مغز حب الصنوبر۔ مغز حب الزلم۔ مغز فندق مغز پستہ۔ مغز نارجیل تازہ۔ مغز حب القلقل۔ تخم خشخاش سفید۔ تودرین۔ کنجد مقشر۔ تخم جرجیر۔ تخم گدر۔ تخم پیاز۔ تخم شلغم۔ تخم رطبہ۔ بہمنین۔ زنجبیل۔ دار فلفل کبابہ۔ خرفہ۔ دارچینی۔ شقاقل۔ تخم مالیون۔ خولنجاں۔ سب ادویہ کو ہموزن لے کر کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں معجون بناویں۔ دو تولہ ہر روز بوقت صبح کھایا کریں اور تین ہفتہ کے بعد تماشہ قدرت کا دیکھیں۔ مجرب ہے

معجون دیگر برائے قوت باہ وغیرہ

زردی اور سفیدی بیضہ مرغ۔ روغن گاؤ۔ آب پیاز اور شہد مساوی الوزن پکا کر معجون بناویں۔ اور ایک یا دو تولہ بوقت صبح چالیس روز تک استعمال

کریں۔ پھر تماشہ قدرت کا دیکھیں۔ مجرب ہے

قوت باہ کیواسطے مجرب ہے

ثعلب مصری۔ شقاقل۔ موصلی سفید۔ پوست اسپغول۔ بہمن سفید کتیرا
۱ تولہ ۴ تولہ ۴ تولہ ۴ تولہ ۴ تولہ۔ ۴ تولہ
تخم کونچ۔ مغز بادام۔ مغز نارجیل۔ مغز پستہ۔ چہار مغز۔ روغن زرد
۴ تولہ ۴ تولہ ۱½ تولہ ۴ تولہ ۴ تولہ ½ پاؤ
دال ماش۔ مصری } سب سے اوّل دال کو مقشر کریں۔ اور روغن میں
۴ تولہ ½ سیر } بریاں کریں اور سب چیزیں کوٹ چھانکر اور مصری
کا قوام بناکر یہ سب چیزیں قوام میں ملالیں اور خوراک ۴ تولہ روزانہ بوقت
صبح کھاویں اور پھر قدرت کا تماشا دیکھیں۔ مجرب ہے۔

قوت باہ کا نسخہ نامردی کو رفع کرتا ہے اور قوت کو بڑھاتا ہے

سونٹھ۔ فلفل دراز۔ فلفل سیاہ۔ دارچینی۔ آملہ۔ بھیڑ کا دودھ۔ جیسر ائیتہ۔
زراوند مدحرج۔ خصیۃ الثعلب۔ مغز چلغوزہ۔ بیخ بابونہ۔ نارجیل تازہ ہر ایک
دس تولہ۔ تخم بابونہ پانچ تولہ مویز منقےٰ ۳۰ تولہ۔ شہد خالص تین گناہ زیادہ
سب اشیا کو کوٹ چھان کر قوام کرکے معجون بنادیں اور اکتالیس دن کے
بعد کھانا شروع کریں چھ ماشہ روز صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں ازحد
مفید ہے اور قوت کو بڑھاتا ہے ؎

اطریفل شاہی برائے قوت باہ

پوست ہریڑ کابلی۔ پوست ہریڑ زرد۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ مقشر سب کو ہموزن
کوٹ چھان کر تین گنا روغن بادام میں یا گائے کے گھی میں چرب

کر کے شہد کے ساتھ قند یا منقہ یا کشمش کوٹی ہوئی کے ساتھ گوندہ لیں۔ اور گرمی میں شہد کے عوض قند بہتر ہے۔ اور سردیوں میں جس قدر شہد زیادہ ہوگا۔ اسیقدر حرارت اور لطافت زیادہ ہوگی۔ دو درم سے پانچ درم تک ہمراہ دودھ بوقت صبح استعمال کریں۔ دماغ کو قوت دیتا ہے۔ رنگ سرخ کر دیتا ہے۔ ذہن کو تیز اور کند ذہن طالب العلم کو فائدہ دیتا ہے۔ بواسیر والے کو بھی از حد مفید ہے۔ کئی دفعہ آزمایا ہے۔ نہایت ہی مفید ثابت ہوا ہے۔۔۔۔

اطریفل مقوی باہ

ہرڑ سیاہ۔ پوست بہیڑہ۔ آملہ مقشر۔ ہر ایک پانچ تولہ۔ سفید بالچھڑ۔ کندر بچہ۔ فلفل۔ سونٹھ۔ بھلانواں کا شہد ہر ایک ۲½ تولہ سب کو کوٹ کر چھانکر۔ روغن اخروٹ میں چرب کر کے سہ چند شہد میں گوندھیں اور چھ ماہ کے بعد استعمال کریں۔ خوراک ۶ ماشے سے ایک تولہ تک ہمراہ دودھ کے کھاویں۔ بوقت صبح مرگی کو بھی نافع ہے۔ رنگ کو سرخ کرتا ہے طاقت زیادہ کر دیتا ہے جسم کو لوہے کی لاٹھ بنا دیتا ہے کئی بار آزمایا ہوا ہے۔ اور مجرب ثابت ہوا ہے۔

قوت باہ کا علاج

ماش کی دال بھگو کر رات کو رکھ چھوڑیں۔ صبح کو پیس کر گھی خوب لال کر کے اس میں دال مقشر پیسی ہوئی ڈال دیں اور خوب چمچہ پھیریں۔ اور مصری ملا کر سات یوم تک بار پرہیز استعمال کریں۔ اور بعد ازاں قدرت کا تماشا دیکھیں۔ بالکل طاقت کے لئے بے نظیر ہے۔ کم خرچ بالا نشین نسخہ اس طرح کا ملنا محال ہے

امساک کا نسخہ مجرّب

کافور بھنگ ۔ جائفل ۔ جلوتری ۔ افیون ۔ سب اشیاء ہموزن لے کر پان کے رس میں کھرل کریں اور دو دورتی کی گولیاں بناویں ۔ صحبت کرنے سے ڈیڑھ گھنٹہ پیشتر دودھ جس قدر پیا جاوے ۔ پی کر ایک گولی کھالیں ۔ اور پھر قوت کا ملاحظہ خود بخود ہوگا ۔ مجرب ہے

امساک کا بارہا آزمودہ نسخہ

کچور ۔ تال مکھانہ ۔ گلو جن ۔ موچرس سب چیزیں ہموزن لے کر خوب کھرل کریں اور ارد کی دال کے موافق گولیاں بنالیں ایک گولی جماع سے پیشتر ایک گھنٹہ کھا کر اوپر سے ایک سیر دودھ پیئں اور بعد ازاں جماع شروع کریں جب تک نمک نہ کھاویں انزال نہ ہوگا ۔ کئی دفعہ تجربہ کیا گیا ہے ۔ مفید ثابت ہوا ہے

امساک کے واسطے مجرب نسخہ

ایک دانہ منقہ لیکر اس کا پیٹ چاک کر کے اس میں ارد کے دانے کے موافق چرس ڈال کر اس کا منہ بند کر کے کوئلہ کی آگ پر خوب پکا کر کھاوے ۔ اور ایک سیر دودھ گائے کا اوپر سے پی کر ایک گھنٹہ بعد جماع کریں ۔ جب تک نمک نہ کھاویں ۔ انزال نہ ہو ۔ کئی دفعہ کا ہوا ہے ۔ مجرب ہے

لیپ لذت کیواسطے مجرب ہے

کافور اور سہاگہ بھون کر شہد خالص میں اس قدر کھرل کریں کہ لعاب ہو جاوے۔ اور کستہ مشک کافور کی بالکل نہ رہے۔ اس کو انگلی سے قضیب پر ملکر اور سکھا کر عورت سے صحبت کرے۔ پھر لذت کا تماشا دیکھے۔ عورت مطیع ہو جاوے گی۔ دونوں کو بہت لذت آوے ؛

اِمساک کے واسطے

ایک عدد چھوہارا کلاں لیکر اس کی گٹھلی نکال کر اس میں ایک رتی عقر قرحا ایک رتی افیون ایک رتی۔ کالے دھتورے کا بیج۔ نکوٹ کر اس میں بھر دیں۔ اور تین بار کپڑے میں لپیٹ کر اور اوپر سے مٹی لگا کر آدھ سیر اپلوں میں پھونک دیویں اور بعدہ نکال کر کھرل کر کے مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔ ایک گولی کھا کر آدھ سیر دودھ پیئں۔ اور ایک گھنٹہ بعد صحبت کریں۔ جب تک نمک نہ کھاویں۔ انزال نہ ہوگا۔ سینکڑوں بار آزمایا ہوا ہے اور بہت مجرب ہے ؛

گئی ہوئی طاقت کو بعد صحبت کے پھر واپس لانیوالی چیز

گوند ببول۔ الائچی دانہ خورد۔ جائفل۔ دارچینی۔ صندل سفید۔ سپاری۔ گجراتی گل سرخ کابلی ہر ایک نصف تولہ۔ کستوری اصلی ایک ماشہ۔ ورق نقرہ پانچ عدد سب کو پہلے عرق گلاب میں کھرل کریں۔ اور رب بہی میں نخود کے برابر گولیاں بنا دیں اور فراغت کے بعد ایک گولی کھا لینے سے اوداسی دور سستی چلنا چور ہو جاتی ہے۔ گولی کھا کر شیر گاؤ قدرے پینا چاہیئے۔ کئی دفعہ آزمایا ہے۔ مجرب ہے ؛

نسخہ برائے امساک مجرب

اسپند - جلوتری - جوزبویہ - دارچینی - افیون - کنجد سیاہ - تمام ادویہ
۵ درم ۵ درم ۵ درم ۵ درم ۵ درم ۱/۲ درم ۷ درم ......
کو باریک رگڑ کر قدرے شہد ڈال کر گولیاں دو درم کی بناویں - بوقت ضرورت ایک گولی کھاویں - اور اوپر سے دودھ پئیں - امساک کا تماشا دیکھیں - اگر کسی کا گھر آباد نہ ہو - تو اسکو چاہیئے کہ ان گولیوں کو نہار منہ ہمراہ دودھ کے کھاوے - ایک بوقت صبح اور ایک بوقت شام اور دودھ گھی کا استعمال کرے - چار یوم میں مطلب حل ہو - اور تین روز عورت کے نزدیک نہ جاوے - اگر نامرد بھی ہو خدا کے فضل سے مرد ہو جاوے - کئی دفعہ کا مجرب المجرب ہے جو کہ ہزاروں روپیے خرچ کرنے پر بھی ملنا محال ہے ؛

نسخہ امساک مجرب ہے

اجوائن خراسانی ۳ ماشہ جائفل ۳ ماشہ - جلوتری ۳ ماشہ - افیون ۱ تولہ - لونگ ۱ ماشہ - مال کنگنی ۳ ماشہ سب کو خوب باریک پیسکر بیضہ مرغ کلاں کی سفیدی دور کرکے اس میں بھر دیں اور آٹے میں لپیٹ کر نرم آنچ پر سرخ کریں - پھر ادویہ نکال کر تولہ بھر شہد میں برابر نخود گولیاں بنا کر ایک گھنٹہ پیشتر صحبت کریں اور اوپر سے دودھ آدھ سیر گائے کا پی لیں - اور کھانا بالکل کم کھاویں - جب تک ترشی کا استعمال نہ کریں - فراغت نہ ہو گی اور مخاطب بمعہ زر و مال اپنی بن جاوے گی - اور ہمیشہ کے لئے مرید ہو جاوے گی آزمودہ اور مجرب ہے

نسخہ بلذّت واسطے امساک کے

کبابہ۔ دارچینی۔ عقرقرحا۔ موبز سرخ باریک پیس کر شہد میں ملا کر جماع سے ایک گھنٹہ پیشتر قضیب پر ملیں۔ اور جب صحبت کا ارادہ کریں۔ تو کپڑا سے صاف کر کے صحبت کریں۔ کمال لذت آوے گی۔ عورت فریفتہ اور شیدا ہو جاوے گی۔ دونوں کو لذت ہوگی۔ مجرب ہے

امساک کیواسطے مجرب اور آزمودہ نسخہ

شنگرف۔ کافور۔ قرنفل۔ افیون۔ تخم اوٹنگن۔ سب ادویات ہموزن لے کر کاغذی لیموں کے عرق میں کھرل کریں۔ اور مونگ کے برابر گولیاں بناویں۔ وقت حاجت ایک کھا کر آدھ سیر دودھ پئیں۔ بہت لطف دکھاتا ہے۔ آزمودہ ہے

امساک کا مجرب المجرب نسخہ

جائفل ایک عدد۔ تخم دھتورہ۔ اجوائن خراسانی ہموزن جائفل ہر ایک کو جدا جدا کوٹ کر ایک پوٹلی میں باندھیں۔ ایک سیر دودھ مادہ گاؤ میں جوش دیں اور پوٹلی اس دودھ میں ڈال کر جب دودھ نصف رہ جائے۔ تو پوٹلی کو نچوڑ کر پھینک دیں۔ اور دودھ میں میٹھا ڈال کر پی لیں۔ جب سرور معلوم ہو صحبت کریں۔ اور اگر ساری رات منزل نہ ہونا چاہئیں۔ تو بھی نہ ہوں جب تک کہ لیموں نہ کھاویں۔ انزال ہرگز نہ ہوگا۔ سینکڑوں دفعہ کا مجرب اور آزمایا ہوا نسخہ ہے

خوراک اکو لکہ دودھ
میسا جوش دیکر استعمال
کریں

نسخہ ملذذ برائے امساک

دودھ بھینس۔ دودھ بکری۔ دودھ آک سب کو ہموزن ملا کر دونو ہاتھوں پر ملیں۔ بعد نصف گھنٹہ کے صحبت کریں۔ نہایت اعلےٰ درجہ کا امساک اور لذت دیتا ہے۔ کئی دفعہ آزمایا مجرب پایا۔

سختی اور فربہی کا نسخہ

آک کی جڑھ۔ کنیر کی جڑھ۔ بھنگ۔ دھتورہ عرق سب ہموزن لے کر خوب پیس کر گولیاں بناویں اور سایہ میں خشک کریں۔ بوقت ضرورت اپنے پیشاب میں گھسکر عضو تناسل پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر طلا کریں۔ حد درجہ کی دائمی۔ فربہی اور سختی لاتا ہے چند مرتبہ اس امر کو کرنا چاہیئے۔ یہ طلاء نامردی کھوتا ہے۔ اور انسان کو مرد بنا دیتا ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ امساک مجرب ہے

ثعلب دانہ۔ افیون۔ زعفران۔ دودھ بڑ ہموزن چھوہارا میں ڈال کر اوپر سے لپیٹ کر آگ پر پکاویں۔ اور نخود کے برابر گولیاں بناویں اور صحبت سے دو گھنٹہ پیشتر کھا کر دودھ پی لیں۔ اور پھر قدرت کا تماشا دیکھیں۔ مجرب ہے۔

جلق زدہ کا علاج

آک کا دودھ ½ تولہ، روغن گاؤ اتولہ } کو لیکر دو گھنٹہ تک آہنی دستہ سے گھوٹ کر مانند مرہم بنا لیویں۔ اور حشفہ اور سیون چھوڑ کر اعضاء تناسل پر چند ہفتہ تک ہر روز بلا ناغہ مالش کریں تو اعضائے تناسل کی کجی۔ دبلا پن۔ سستی خواہ بذریعہ جلق ہو یا کثرت عیاشی

سے ہو۔ سب اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ مگر سرد پانی سے نہلانے اور جماع سے بالکل پرہیز ہے۔ مجرب ہے۔

٭ احتلام۔ سرعت انزال۔ رقت اور جریان کا علاج

گوند ڈھاک۔ گوند کیکر۔ پھلی کیکر۔ چھال کیکر۔ موصلی سیاہ۔ موصلی سفید۔ سنبل کی جڑھ۔ تال مکھانہ۔ اندر جو شیریں۔ بہمن سرخ۔ ہر ایک دو تولہ سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔ اور ان سب کے ہموزن مصری ملا کر رکھ دیں۔ ایک تولہ صبح ہمراہ دودھ گائے شیر گرم کے کھادیں۔ بتین ہفتہ میں احتلام۔ جریان۔ رقت اور سرعت۔ ضعف دماغ دور ہوتے ہیں طاقت مردمی بڑھتی ہے۔ کمزوری دور ہوتی ہے۔ منی کثرت سے بڑھتی ہے۔ جلق زدہ کے لئے منی کو گاڑھا کرنے اور بڑھانے والا کم خرچ بالا نشین نسخہ ملنا محال ہے۔ مجرب ہے۔

اعلےٰ درجہ کی ممسک اور بے ضرر دوا

چھوہارا کی گٹھلی نکال کر اس میں دودھ آک بھر دیں۔ اور تھوڑی دیر دھوپ میں خشک کر کے اس کے شگاف کو بند کر کے بالائی لپیٹ کر اور پھر گوندھے ہوئے آٹے سے لپیٹ کر گرم راکھ میں پکادیں۔ جب پک جاوے۔ تو چھوہارا کو نکال کر پیس کر رکھ لیں۔ اور اس کی دو گولیاں شہد میں بنالیں۔ ایک گولی قبل دو گھنٹہ ہمراہ دودھ کھالیں اور صحبت میں مشغول ہوں حد درجہ کا امساک ہوگا۔ سرعت کی شکایت جاتی رہے گی۔ اگر جلدی کرنا چاہئیں تو قدرے گرم پانی پیویں۔ ورنہ پورا امساک رکھیں۔ سرعت کے شاکی جن کے اولاد پیدا نہیں ہوتی۔ اس کو جب عورت حیض سے پاک ہو کھا کر قدرت کا تماشا دیکھیں ... پ

لاثانی امساک کا نسخہ

زیر تجربہ یا

خولنجان قرنفل	جوز بویہ	اجوائن خراسانی	عقرقرحا	افیون	سیماب
۳ ماشہ "	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۹ ماشہ	۹ ماشہ

پان ۲۵ عدد } اول سیماب کو سات مرتبہ کپڑے میں صاف کریں۔ بعدہٗ پان کا عرق نکال کر افیون اور سیماب کو عرق پان میں کھرل کرکے سایہ میں خشک کریں۔ باقی ادویات کو کوٹ چھان کر اس میں شامل کردیں اور خوب کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بناویں شب کو کھانا کھانے کے بعد اور جماع سے تین گھنٹے پیشتر نصف سیر دودھ کے ہمراہ ایک گولی کھاویں۔ جب تک ترشی استعمال نہ کریں۔ انزال نہ ہوگا۔ سینکڑوں دفعہ کا تجربہ ہے۔ حکم اکسیر کا ہے ؎

جلق زدہ کے طلا کا اکسیر اعظم نسخہ

ایک عدد مارو بینگن جو درخت کے ساتھ ہی پک کر زرد ہو گیا ہو۔ اس کو لیں۔ اس میں سات عدد پلپل دراز چھو کر لگاویں۔ جب بینگن خشک ہو جاوے آدھ سیر میٹھے تیل میں اس کو جوش دیں۔ جب تیل جوش میں آوے تو خراطین خشک کو تیل میں ملاویں جب خراطین جل جاویں۔ دو گٹھی لہسن چھیل کر اس میں ملاویں ؎

پھر کھرل کرکے اور چھان کر ایک شیشی میں رکھ دیں۔ اور پندرہ بیس روز تک عضو پر سیون اور حشفہ کو چھوڑ کر طلا کرکے اوپر لسوڑہ کی کونپل باندھیں سرد پانی اور جماع سے پرہیز کریں۔ یہ طلاء اعضائے تناسل کی خرابی۔ کجی۔ کمزوری۔ دبلا پن۔ چھوٹا پن وغیرہ سب کے لئے آزمودہ اور بہتر ہدف نسخہ ہے ؎

دہانت کیلئے بےنظیر

بہوپھلی بوٹی تقریباً آدھ تولہ لے کر ایک کورے کوزے میں شام کو بھگو دیں صبح کو کھرل کر کے مصری یا نمک ملا کر جس قدر پیاس ہو پئیں ؞ دہانت بند ہو جاوے گی۔ پانی جس میں بہوپھلی بھگوئی جاوے۔ پاؤ بھر ہونا چاہیئے۔ مجرب اور زود اثر ہے

نسخہ نامردی مجرب ہے

پارہ اور جست ان دونوں کو ہموزن لے کر رکھے۔ پہلے جست کو گرم کرے اور جس برتن میں پارہ ہو۔ اس برتن میں وہ جست گرم کیا ہوا ڈالدیں۔ دونوں کی ڈلی ایک ذات ہو جاویگی۔ بعدہ دو سیر بوٹی سجی۔ دو سیر پانی میں پیس چھان کر رکھیں۔ وقت صبح ایک کڑاہی چولہے پر رکھیں اور پانی سجی کا ڈالیں اور وہ ڈلی اس کڑاہی میں ڈالدیں۔ اور ڈھاک کی کی لکڑی سے آگ دیں۔ جب تمام پانی جل جاوے۔ اور بالکل خشک ہو جاوے تو وہ ڈلی مانند پھل کے ہو گئی ہو گی۔ اس کو بہیکر احتیاط سے رکھیں۔ جاڑے کے موسم میں اگر نامرد ہو تو بھی ایک رتی پان میں رکھ کر کھائے۔ بحکم خدا سے مرد ہو جائے گا۔ کئی بار آزمایا۔ مجرب پایا ہے ؞

جلق زدہ کے لئے علاج

سنکھیا سفید	عقرقرحا	لونگ	جائفل	جلوتری	دارچینی
۱ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۶ ماشہ	۶ ماشہ

علیحدہ علیحدہ پیس کر ایک چھٹانک تلوں کے تیل میں ملا کر تین روز تک رہنے دیں۔ چوتھے روز عضو تناسل پر مالش کریں۔ سات روز تک یہ عمل اس طرح کریں کہ ذرا سا انگلی کے ساتھ لگا کر سیون اور حشفہ چھوڑ عضو تناسل پر مالش کریں۔ اور بعد سات روز کے مکھن لگا دیں۔ انشاءاللہ تعالےٰ جلد آرام ہو گا۔ مجرب ہے۔

روغن دافع سستی اور جلوق مجرب ہے

دال گھونگچی سفید۔ افیون خالص۔ تخم دہتورہ۔ کنجد سیاہ۔ انگوزہ خالص۔ سیماب ہر ایک ایک تولہ ان سب کو باریک پیس کر زردہ مرغ گیارہ عدد ملا کر کھرل کریں اور بعدہٗ بذریعہ نیال جنتر کے روغن نکالیں اس روغن کو با احتیاط تمام شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ اور بطور طلاء کے عضو تناسل پر سیون اور حشفہ چھوڑ کر مالش کریں۔ اور اوپر سے بنگلہ پان باندھیں۔ سرد پانی سے پرہیز ہے۔ کم از کم ایک ہفتہ کرنا چاہیئے۔ اس سے مجرب نسخہ ملنا دشوار ہے۔

نسخہ مجرب جریان لاثانی

برگد کے دودھ میں تخم ڈھاک تین بار بھگو کر سایہ میں خشک کریں۔ اس کو پیس کر ہموزن اس کے تخم املی بریاں کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اور دونوں کے ہموزن شکر سفید ملا کر رکھیں۔ خوراک پانچ ماشہ ہمراہ شیر مادہ گاؤ استعمال کریں۔ اگر قبض معلوم ہو۔ تو ہلیلہ سیاہ کو روغن زرد میں بریاں کر کے نوش کریں مجرب بلکہ لاثانی ہے۔

پرانے جریان کیلئے مجرب علاج

مغز تخم سرس۔ مغز تخم املی ہموزن لیکر برڑھ کے دودھ میں کھرل کریں اور بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ ترشی بادی اشیاء سے پرہیز کریں جریان اگرچہ پرانا بھی ہو۔ تو جڑھ سے چلا جاوے مجرب ہے۔

نسخہ نامردی بنظیر اولاثانی

اٹیل تیلیے	لونگ	چیچ بہوٹی
١٦ عدد	٥ تولہ	٤ تولہ

سب کو لیں۔ اور جائیفل کو ٹکڑ چھوٹا چھوٹا کریں۔ اور تینوں چیزوں کا تیل پتال جنتر کے ذریعہ سے نکالیں۔ اور پندرہ روز گندگی والی جگہ دفن کریں۔ بعد ازاں حشفہ اور سیون چھوڑ کر اعضائے تناسل پر بطور طلاء مالش کریں۔ اور بھوج پتر باندھیں۔ پندرہ روز مالش کریں۔ آرام ہوگا۔ ترش اور بادی چیز سے قطعی پرہیز ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

داد کا مجرب علاج

گوگل رال سوہاگہ اچوکیا گندھک۔ ہر چہار اشیاء کو ہموزن لے کر بکری کے دودھ میں کھرل کر کے گولیاں بنا دیں۔ اور بوقت ضرورت پانی میں گھس کر داد کی جگہ پر لگا دیں۔ چند روز میں آرام ہوگا۔ مجرب المجرب ہے۔

داد کا مجرب علاج

گندھک	چوکیا سہاگہ	سیپ کا چونا	رال	نیلہ تھوتھا
۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	۵ تولہ	½ چھٹانک

ان پانچوں چیزوں کو پیس چھان کر بھینس کے تازہ گھی میں ملا کر لگاویں۔ بہت جلد آرام ہو جاوے گا۔ مجرب ہے ۞

داد کا مجرب علاج

نوشادر	گوگل	گندھک	پارہ	نیلہ تھوتھا
۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ ماشہ

سب کی عرق لیموں میں گولیاں بناویں۔ وقت ضرورت پانی میں گھسکر لگاویں۔ بہت جلد آرام ہوگا۔ مجرب ہے۔

داد کا مجرب علاج

روغن تارپین	مشک کافور
۲ تولہ	۱ تولہ

ان دونوں کو شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر میں کافور روغن تارپین میں حل ہو کر دوا تیار ہے۔ اس دوائی کو روئی کے ذریعہ داد چنبل خارش خشک وغیرہ پر چند بار لگانے سے گھنٹوں میں آرام ہو جاتا ہے۔ اس سے آسان اور کم خرچ نسخہ محال ہے ۞

فوطہ میں پانی پڑ جانیکا نسخہ

اگر فوطہ میں پانی پڑ جاوے۔ تو کشتہ ہڑتال ورقی ایک رتی روزانہ ہمراہ عرق گل صد برگ کھاویں۔ تو کچھ دنوں میں آرام ہو جاویگا مجرب ہے ۞

فوطہ میں پانی پڑنیکا علاج

بزرالبنج اور بکری کے سینگوں کی راکھ پانی میں ملاکر پیس کر فوطہ پر لیپ کریں اور جوارش کمونی ا تولہ روز کھاویں۔ جلد آرام ہوگا۔ مجرب ہے ؛

تل کے اتر جانے کیلئے علاج

مال کنگنی۔ افیون۔ زعفران۔ انڈا کی زردی ہموزن لیں۔ اول زعفران کو کھرل کریں۔ اور پھر افیون کو شامل کریں۔ پھر مال کنگنی اور پھر انڈے کی زردی شامل کریں اور تل کے اوپر ضماد کریں۔ تین دن میں صحت کامل ہوگی مجرب ہے ؛

تل اتر جانے کا علاج

جس کا تل اتر جاوے۔ تو اس کو چاہیئے۔ کہ برف کوٹ کر اپنے تلوں پر باندھے۔ اور اس کی ٹھنڈک کے ذریعے سے تل چڑھ جاوے گا۔ مجرب ہے ؛

سوزاک کا مجرب علاج

گندہ بروزہ کا تیل مکھن یا بتاشہ میں کھانا مفید ہے۔ ترکیب ایک ہانڈی میں گندہ بروزہ ڈال دیں اور دوسری کو چھید کرکے اس کے ساتھ بوتل اور نلکی لگا کر تیل نکالیں۔ استعمال یہ ہے۔ کہ شام کیوقت آدھ سیر گوشت بکری کا لاکر خوب گھی نمک مرچ ڈال کر پکاوے۔ اور ایک گھنٹہ قبل کھالیوے۔ بعد اس کے تین ماشہ کوڑیالوبان اور چھ ماشہ روغن صندل ان دونوں کو ملا کر سوتے وقت کھالیوے۔ اور لنگوٹا باندھ کر سو

رہے ۔ صبح کو جلن کافور ہوگی ۔ اور بعد میں گندہ بروزہ کا تیل واسطے سوزاک کے استعمال کریں تیل نکالنے دفعہ اوپر والی ہانڈی پر مٹی اور کپڑا ضرور چسپاں کر دیویں ۔ مجرب ہے ،،

سوزاک کا علاج

ایک کورا گھڑا لے کر پانی سے بھر کر اس میں دو سیر دودھ ڈال کر لسی بنا لیویں اور چھ ماشہ سرمہ سیاہ پیسا ہوا ڈال کر ہلا ویں اور سارا دن پیتے رہیں ۔ ایک ہی دن میں زخم مل جاویگا اور اچھا ہو جاویگا ۔ مفید ہے :۔

سوزاک اور قرحہ کا علاج

بروزہ نصف سیر ۔ برگ آم نصف سیر ۔ پہلے برگ آم پیس کر بروزہ کے ساتھ حل کریں اور پھر پتال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں ۔ اس تیل کے خواہ دو خواہ تین قطرے پتاشہ پر ڈال کر دودھ کی لسی کے ہمراہ کھاویں ۔ پرانے سے پرانا سوزاک و قرحہ ہمیشہ کیلئے جڑھ سے اکھڑ جاتا ہے ۔ لیکن دو چار ہفتہ تک استعمال کریں :۔

سوزاک کا حکمی علاج

کبابہ الائچی خورد ۔ طباشیر ۔ نوشادر ۔ شورہ قلمی ہموزن لے کر اس کے ہموزن کوری کھانڈ ملاویں ۔ پیسکر اور کپڑ چھان کر کے ایک تولہ کی پڑیا بناویں اور ایک پڑی ہمراہ تازہ پانی کے صبح اور شام کھاویں اور دن بھر میں ایک سیر دودھ گائے کا تازہ دو دفعہ پی لیا کریں ۔ ساقت ومیں آرام ہوگا ۔ مجرب ہے :۔

سوزاک اور قرحہ کا علاج

ہلدی ۱ تولہ ...... کچور ۳ تولہ ...... قند سفید ۴ تولہ

سب کو کوٹ چھان کر ۹ ماشہ کی پڑیاں بنا کر مریض کو ہمراہ زیرہ یا دودھ گائے کھلاویں۔ خواہ کیسی حالت ہو بحکم خدا جلدی آرام ہوگا:۔

سوزاک کا مجرب علاج

ست گندہ بروزہ ۶ ماشہ۔ گیرو ۶ ماشہ۔ لیکر ان کی گولیاں بیر کے برابر بنا لیں۔ صبح ایک گولی استعمال کرنے سے اور معمولی پرہیز سے سوزاک فوراً دفعہ ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔ کئی دفعہ آزمایا ہے۔ مفید پایا ہے:۔

آتشک کا مجرب علاج

سنکھیا سیاہ ۱ تولہ
اصلی برانڈی شراب ۵ تولہ

خوب کھرل کرکے دو پیالوں رکھ کر گاچنی سے منہ بند کرکے مٹی لگا کر پانچ سیر بیر کی لکڑی کی آنچ سے آہستہ آہستہ صبح سے شام تک دیکر جو ہر اڑوائیں۔ اور محفوظ رکھیں۔ ایک تنکا بھر حلوے میں یا مکھن میں یا آم کے اچار میں رکھکر کھاویں۔ گھی آدھ پاؤ یا چھٹانک بھر اوپر سے پیویں اور سب سے پہلے جلاب جمال گوٹہ کا لیویں۔ دست بند کرنے کے لئے مصری کا شربت پلاویں۔ پرہیز:۔ کھٹا میٹھا۔ مرچ سرخ اور ترش اشیاء کا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

نسخہ آتشک مجرب ہے

کوڑیاں زرد ۴ تولہ۔ طوطیا سبز بریاں ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ زرد ۱ تولہ۔ پوست ہلیلہ سیاہ ۱ تولہ ہر چہار ادویہ کو چہار یوم تک برابر آب لیموں میں کھرل کریں اور بقدر نخود گولیاں بنا دیں ایک گولی روز کھاویں

پانی چند دنوں میں سرخی آتشک کی دور ہوگی۔ مجرب ہے:۔

آتشک کا شرطیہ علاج

رس کپور۔ سم الفار مصفیٰ۔ شنگرف رومی مصفا۔ ہر ایک ایک تولہ انکو علیحدہ علیحدہ پیس لیں اور بعد میں ایک بکرے کی نلی لیکر اسکو چیریں اور پہلے سم الفار پھر شنگرف اور پھر رسکپور ڈالیں اور نلی کا منہ آرد کے گندھے ہوئے آٹے سے خوب بند کر دیں اور خشک کر کے اس کو گھڑے میں اس طرح ڈالیں کہ دو سیر قیمہ بکرے کا آدھا نیچے اور آدھا اوپر اں کر رکھ دیں۔ اور گھڑے کا منہ بند کر دیں اور نیچے نرم نرم آنچ جلاویں۔ جب اوپر کا گوشت جل جاوے۔ تب اس دوائی کو نلی سے نکال کر رکھ چھوڑیں۔ اور شیشے کی بوتل میں ڈال رکھیں۔ خوراک ایک چاول سے دو چاول تک منقہ میں بند کر کے نگل جاویں۔ زبان پر نہ لگنے دیں۔ اکیس دن میں آتشک بالکل غائب ہو جائیگا۔ اور بدن خوبصورت نکل آوے گا۔ اور یہ نسخہ نامردوں .... کے لئے بھی حکم اکسیر ہے۔ مجرب ہے:۔

آتشک کے زخموں کیلئے مرہم مسیحائی

پارہ مصفا۔ زنگار۔ شنگرف۔ ہڑتال۔ مردا سنگ۔ رال۔ پیاز۔ برگ نیم۔ صدف سوختہ۔ موم سفید ہر ایک چار ماشہ۔ گھی ۱۵ تولہ سب کو ملا کر مرہم بناویں۔ آتشک کا زخم کیسا ہی سڑا ہوا کیوں نہ ہو۔ زخموں سے بدبو کیوں نہ آتی ہو تو بھی اس کے لگانے سے فوراً صحت کاملہ ہوتی ہے۔ آتشک کے سوا ہر ایک زخم کو بھی فائدہ دیتا ہے۔ مجرب ہے:۔

نسخہ آتشک مجرب ہے

رس کپور - دار چکنا - شنگرف - سم الفار - نمک ملاکر کھرل کرکے اور چھان کر رکھ لیں - خوراک نصف رتی ہمراہ بالائی یا حلوے کے کھاویں - چودان دن تک کھاویں - آتشک بالکل دور ہو جاوے گا - مجرب ہے:-

نسخہ آتشک

رسکپور - گیری سنیاریوں والی ہموزن لیکر کوٹ چھان کر ایک رتی کی پڑیاں بنالیویں اور منقہ یا بالائی میں سات روز تک کھاویں - مجرب ہے - اور زخموں پر بھی چھڑکیں - بہت فائدہ دیتی ہے :-

آتشک کا مجرب علاج

اجوائن ہر چہار قسم ایک ایک تولہ - پرانا گڑ ایک تولہ - کالا نمک ۱تولہ گوم کوار گندل میں کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں بنالیں - اور مریض کو سات یوم تک ہمراہ پانی کے دیویں اور زخموں پر سفیدہ کاشغری لگاویں بہت جلد فائدہ ہوگا - مجرب ہے :-

خونی بادی بواسیر کا علاج

پوست سرڑھ ۶ تولہ - ایلوا ۱تولہ - دونوں ادویہ کو کوٹ چھان کر پانی کے ہمراہ ایک گولی شام کو کھانے سے بواسیر خونی اور بادی دور ہوتی ہے طریقہ یہ ہے کہ پرہیز کچھ نہیں ہے - چودان دن میں آرام ہوگا مجرب ہے:-

خونی بادی بواسیر کا علاج

پانی کیلا کا ہر روز تازہ لگائے - اور اس میں تازہ گل صد برگ یعنی پلنچ

عدد گیندے کے پھول کھرل کرکے بوقت صبح پیوئے۔ سات دن مریض 11
یہ عمل کرے۔ اکسیر ہے۔ بہت جلدی شفا ہو مجرب ہے
پرہیز:۔ کھٹی۔ میٹھی۔ ترش۔ اور تیل والی چیز سے ہے:۔

خونی بادی بواسیر کا علاج

مغز تخم دھریک۔ رس۔ قند کہنہ۔ الائچی خورد۔ کتھ } سب کو کوٹ چھان
ا تولہ ا تولہ ا تولہ ۶ ماشہ } کر گولیاں بیر کی
کے برابر ہمراہ پانی بنا دیں ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی کے کھاویں۔ صحت کامل ہو۔ مجرب ہے۔ پرہیز۔ کھٹی۔ میٹھی۔ ترشی۔ اور تیل کی بنی ہوئی چیز سے ہے:۔

✻ خونی۔ بادی بواسیر کا مجرب علاج

مغز نمولی۔ پوست ہلیلہ زرد۔ رسونت۔ مغز بنولہ۔ کافور۔ ایلوا سب ادویہ کو ہموزن باریک کوٹ چھان کر نخود کے برابر گولیاں ہمراہ پانی بنا دیں ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی کے کھاویں جلدی فائدہ ہو۔ پرہیز:۔ کھٹی۔ میٹھی۔ ترش اشیا کا ہے:۔

خونی بواسیر کیلئے مجرب ہے

آدھ سیر بکائن کا تخم لے کر اس کو ایک پاؤ گھی میں بھون لیں۔ جب راکھ ہوجاوے تو تین ماشہ کی پھکی ہمراہ پانی کے استعمال کریں۔
بفضل خدا مطلق چوداں دن میں آرام ہو۔ بکائن اس دھریک کو کہتے ہیں جو جس پر نہ جھکی ہوتی اور نہ کبھی ہوتی ہے۔ انشاء اللہ بہت جلد شفا ہو مجرب ہے:۔

خونی بواسیر کا مجرب علاج

نیم کی نمولیاں ۔ تخم دھریک ۔ رسونت ۔ چاکسو ۔ ہموزن لیکر کھرل کرکے بیر کے برابر گولیاں پانی میں بناویں ۔ اور ایک گولی صبح اور ایک گولی شام ہمراہ پانی سے کھاویں ۔ دودھ اور گھی کا استعمال کثرت سے کریں چودہ روز میں بالکل آرام ہوگا ۔ مجرب ہے :-

لیپ برائے مسے بواسیر

کتھ سفید ۔ مردا سنگ ۔ نیلا تھوتھا } گا ئے کے پتے میں حل کر کے
۱ تولہ ۱ تولہ ۲ ماشہ } گولیاں بقدر نخود بنالیں عرق گلاب میں گھس کر مسو پر لگا دیں ۔ سات روز لگانے سے مسے غائب ہوجاتے ہیں ۔ مجرب ہے ۔

نسخہ بواسیر مجرب ہے

سیاہ الائچی کلاں ۔ لونگ ۔ رسکپور } تینوں کو کھرل کر کے ایک رتی
۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ } روز منقے یا بالائی میں ڈال کر کھاویں ۔ جلد شفا ہوگی ۔

پرہیز :- کھٹے میٹھے اور لال مرچ ۔ تیل والی اور گرم اشیاء سے ہو ۔ مجرب ہے

بواسیر کے مسے دور کرنیوالی دوا

سنکھیا ۲۵ پانی میں دھلا ہوا ۔ دودھ آک ان دونوں کو ہموزن لیکر مسوں کے اوپر دو دفعہ صبح اور دو دفعہ شام کو لگا دیں ۔ اور ایک ہفتہ تک آرام ہوگا مسے دور ہوجاویں گے ۔ مگر جبتک دوائی استعمال کریں ۔ نمک مت کھاویں :-

بواسیر کے مسّے دور کرنے والی دوائی

نیلہ تھوتھا۔ کاہی۔ چونہ۔ کونچ۔ پھٹکڑی ۔ سنکھیا سفید) گائے یا
۳ تولہ ۳ تولہ ۳ تولہ ۳ تولہ ۳ تولہ ۲ تولہ } انسان
کے پیشاب میں کھرل کریں اور چوداں دن تک مسّوں پر لگاویں مسّے
غائب ہوجائیں گے۔ حکم خدا سے مجرب اور لاجواب ہے

بواسیر کا علاج

بواسیر والے کو چاہئیے۔ کہ پانچ تولہ کالی زیری اور ڈیڑھ تولہ سہاگہ بریاں خوب باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ صبح اور شام چار ماشہ ہمراہ پانی کے کھاویں اور نکر دندے کی پتیاں باریک پیسکر مسوں پر باندہیں۔ انشاء اللہ پندراں روز میں صحت ہوگی۔ ترشی اور بادی اشیائے سے پرہیز رہے :-

لیپ برائے بواسیر مجرب

نیلہ تھوتھا۔ ایک پاؤ لیکر ایک کوری ہانڈی میں رکھکر ۴۸ گھنٹے تک دو بنی کی مانند آگ جلاویں اور پھر اس کو نکال کر رکھ لیویں۔ اور پاخانہ کے بعد مسوں پر لیپ کریں یا چھڑکیں۔ مسے زائل ہوجاویں گے۔ بفضل خدا دارو مجرب المجرب ہے۔ اور لاثانی ہے :-

ہیضہ کا علاج

مدار کی جڑ۔ مرچ سیاہ ہموزن لیکر ادرک کے عرق میں دو روز کھرل کریں۔ سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بناویں اور دو دو گھنٹہ بعد پانی کے ساتھ ہیضہ کے مریض کو دیں۔ اگر بحالت مرگ ہو مفید ہے۔ مجرب ہے

ہیضہ کیلئے مجرب گولیاں

آک کی جڑھ - ادرک کا پانی - پودینہ - مرچ سرخ - ہموزن لیکر پیس کر بقدر ماش کے گولیاں بنا دیں - ایک ایک گھنٹہ کے بعد مریض کو ایک ایک گولی ہمراہ پانی دیں :-

ہیضہ - کھانسی اور لقوہ کا علاج

شنگرف - مصفے - اجھپانانگ - مرچ سیاہ - فلفلدراز - سہاگہ - ہر ایک نصف تولہ لیکر کھرل کریں - اور خوب چھان کر سفوف کریں خوراک - ایک رتی سے دو رتی تک حسب طاقت مریض کو دیں - ہیضہ والے کو پان کے پانی کے ہمراہ دیں اور جب تک صحت ہو تین تین گھنٹہ کے بعد دیں - پیچش والے کو شکر کیساتھ دوبار دیویں - کھانسی والے کو ہمراہ خشخاش کے دیویں اور لقوہ والے کو نلوں کے تیل میں ملا کر لگائیں ہیضہ کیلئے بڑھ کر اس سے کوئی دوائی ملنی محال ہے - حالت کیسی ہی ابتر کیوں نہ ہو - دوائی دینے سے فوراً فائدہ ہوتا ہے - مجرب ہے :-

پلیگ کا علاج

سنکھیا سفید لے کر گھڑ کر گلٹی پر لیپ کریں - گولیاں بخار والی × جس نسخہ پر یہ نشان ہے - بنا کر ہمراہ ادرک کے پانی کے استعمال کریں - چھوٹے مرغے کا شوربا اور ½ تولہ شراب برانڈی ملا کر کہلاویں - فوراً آرام ہوتا ہے -

پلیگ کا مجرب نسخہ

خشک ست پودینہ ½ ماشہ خشک ست اجوائن ۳ ماشہ مشک کافور

بھیم سینی ۲ ماشہ سب کو ملا کر ایک شیشی میں بند کر دیں۔ چند منٹ میں عرق بنجاویگا۔ جب مریض کو پیاس لگے تو دو قطرے عرق گاؤزبان میں اور رب انار میں ملا کر دو گھنٹے کے بعد دیتے رہیں اور گلٹی پر بھی یہی عرق لگا کر گرم اینٹ سے سینک کریں۔ بہت ہی مجرب ہے ٭

وجع المفاصل یا درد جوڑوں کا علاج

افیون۔ بچھناگ۔ شنگرف۔ قرنفل۔ جوزبویہ۔ فلفلگرد۔ فلفلدراز۔ سماق۔ سوہاگہ۔ سیماب۔ آملہ۔ ہڑتال ہر ایک ایک درم۔ اول ہڑتال آملہ سار کو کھرل کرکے بعد میں سب چیزیں ڈالدیں۔ سب کو کوٹ چھان کر ادرک کے پانی میں کھرل کرکے بقدر موٹھ کے گولیاں بنادیں۔ گولی ایک ہمراہ پانی گرم کے کھاویں۔ بہت جلد فائدہ دیتی ہے۔ مجرب ہے :-

درد جوڑوں کا علاج

افیون۔ میٹھا تیلیہ۔ شنگرف۔ مرچ سیاہ۔ ہر ایک نیم درم لیکر کوٹ کر باریک کریں۔ اور ادرک کے پانی میں کھرل کرکے موٹھ کے برابر گولیاں بنادیں۔ ایک گولی ہمراہ آب گرم کھاویں۔ بہت مجرب ہے ٭

درد جوڑوں کا علاج

برگ آک کا پانی ابلائے کردہ ۱۰ تولہ تیل میں ڈالکر جوش دیں۔ جب پانی جلجاوے اور تیل ہی رہ جاوے تو اتار لیں۔ اور درد والی جگہ پر مالش کریں چند روز میں آرام ہوگا۔ مجرب ہے ٭

درد جوڑوں کا علاج

لونگ۔ عقرقرحا۔ نگہاں۔ پیپلامول۔ دارچینی۔ مرچ سیاہ۔ سونٹھ
۴ ماشہ

دار ہلدی	برادہ صندل	الائچی دانہ خورد
۱۰ تولہ	۵ ماشہ	۴ ماشہ

کوٹ چھان کر چودہ ان پڑیاں بنالیں جس کے درد ہو۔ ایک پوٹلی میں پاؤ پانی میں جوشاندہ بناکر اس میں ۲ تولہ شہد بھی آمیز کرکے پئیں۔ بہت جلد آرام ہوگا۔

درد جوڑوں اور گنٹھیا کا علاج

جلونزی	لونگ	جائفل	عاقر قرحا	جمال گوٹہ	تخم ارنڈی	رتن جوت
۲ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱ تولہ

بابونہ	برگ حنا	لوبان	افیون	تیل تل	بیربہوٹی	کیسر
۱ تولہ	۱ تولہ	۳ ماشہ	۳ ماشہ	۱ تولہ	۱ تولہ	۱

سب کو کوٹ چھان کر تیل میں ملاکر جوش دیں۔ جب سب چیزوں کا تیل نکل آوے۔ تو درد والی جگہ پر مالش کیا کریں چند روز میں آرام ہوجاویگا۔ مجرب ہے۔

جذام یعنے کوڑھ کا علاج

اجمود	شاہترہ	زرنب	عقر قرحا	طباشیر
۱½ تولہ	½ ۴ تولہ	۹ ماشہ	۳ تولہ	۳ تولہ

سب کو کوٹ چھان کر رکھیں اور اول روز ایک ماشہ دوسرے روز ڈیڑھ ماشہ سر روز آدھ ماشہ بڑھاتے جاویں۔ جب چار ماشہ تک پہنچ جاویں بعد اس کے عرصہ آٹھ سات روز تک معمولی پرہیز سے کھلاتے رہیں غذا آب نخود اور برنج ساٹھی و نان گندم کھاویں۔ نمک کم اور گھی زیادہ کھاویں تمام جسم بھی کیوں نہ جل سڑ گیا ہو۔ اور سارا جسم سفید ہوگیا ہو۔ تو بھی بفضل شافی صحت ہوگی۔ اور داد۔ چنبل اور سیاہ داغوں کی تو نسبت ہی کیا ہے۔

بچھو کے کاٹے کا علاج

جہاں بچھو ڈنگ مارے اسجگہ نمک اور پیاز مل دو۔ فوراً بچھو کا زہر اتر جاویگا۔ اور درد جاتا رہے گا۔ مجرب ہے ؛

سانپ کے کاٹے کا علاج

اگر کسی کو سانپ کاٹ کھائے اور وہ بالکل مردہ سا ہو جاوے۔ تو چاہیئے کہ تھوڑا سا نوشادر مارگزیدہ کی آنکھوں میں ڈالیں اور تھوڑی دیر کے بعد پھر لگادیں۔ انشاءاللہ دو مرتبہ آنکھ میں مثل سرمہ لگانیسے مریض ہوش میں آ جائے گا۔ پھر ریٹھا کو پانی میں گھس کر تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔ اس سے زہر بالکل اتر جاویگا۔ یہ عمل اسوقت تک جاری رکھیں جبتک کہ مارگزیدہ کو نیم کی چھال کڑوی معلوم ہو۔ جان لو کہ بیمار اچھا ہو گیا ہے۔

سانپ کے کاٹے کا شرطیہ علاج

ہیرا ہینگ ۔ ارنڈ کی کونپل } دونوں کو پیس کر چار چار رتی کی گولیاں بنائیں ۲ ماشہ ۳ ماشہ } مریض کو ایک گولی ہمراہ پانی کے دیں۔ اگر مریض کے دانت بند ہو گئے ہوں تو جسطرح ہو ایک گولی ضرور حلق میں اتار دیجاوے دوسری گولی دانت پر رگڑ دیں۔ پھر ایک گولی گرم پانی کے ہمراہ دیں۔ اگر قے ہو جاوے تو ایک گولی اور کھلاؤ۔ یہ گولی اپنا اثر جلدی کریگی اور مریض کو شفا بخشے گی۔ مجرب ہے۔ بہت دفعہ آزمایا ہوا ہے۔ آزمائش شرط ہے ؛

ملذذ نسخہ امساک

کیکر کا پوست جس قدر ضرورت ہو لیکر نیم کوب کریں۔ دو چند پانی میں

[illegible] جب نصف رہ جائے تو مل چھانکر شیشی میں رکھیں۔ جب ایام حیض سے عورت فارغ ہو تو بعد پیشاب کے اسی پانی سے استنجا کرائیں حیض میں اگر عورت اسطرح استنجا کریگی تو مثل کنواری کے ہوجاوے گی ؎

ایضاً

کافور یا لقرہ تخم ہلیلہ برابر کوٹ چھان کر عورت اپنی جائے نہانی میں ملے بانند کنواری کے بن جاوے گی ... بہت تنگ ہوجائیگی۔ کمال لذت آوے گی اور دونوں عاشق و معشوق بنجاویں گے۔ مجرب ہے۔

ہنروں کے بیان میں

ایک منٹ میں سوڈا واٹر بنانیکی ترکیب

بائی کارب آف سوڈا	ایسڈ ٹارٹرک
۴۵ گرین	۴۰ گرین

ان دونوں کو علیحدہ علیحدہ پانی میں گھول کر ملا دیں اور فوراً پی لیں اعلےٰ درجہ کا سوڈا واٹر بنجاویگا۔ ہاضمہ کے لئے مجرب ہے ؎

لیمونیڈ بنانے کا طریقہ

سوڈا ٹاٹرک ۔ ایسنس آف لیموں ۔ چینی حسب ضرورت ۔ اول سوڈا اور چینی کو الگ حل کریں ۔ اور پھر ایک گلاس کو دوسرے میں الٹا دیں اور پانی حسب ضرورت ڈال کر پی لیں ۔ اعلیٰ درجہ کا لیمونیڈ تیار ہو جاویگا

موم بتی بنانے کا طریقہ

چربی ۔ موم ہموزن لے کر اور بعد میں تین گنا تیل سرسوں شامل کریں ۔ ایک بالشت بتی کا سانچہ بنا کر اس کے پیندے میں ایک سوراخ رکھ دو اور اس سوراخ کے بیچوں بیچ ایک موٹے کا تاگہ تار سے باندھ دیں بعدہٗ چربی اور موم کو گرم کرکے تیل میں حل کرکے سانچے میں بھر دو اور ایک طرف رکھ دو ۔ جب ٹھنڈا ہو جاوے تو میز پر یا کسی اور جگہ پر الٹا دیں اور جو رنگ دینا ہو پہلے ہی قوام بناتے وقت شامل کریں ۔ عمدہ موم بتی بنجاویگی کارخانہ جاری کریں ۔ اور فائدہ اٹھاویں ؎

بلیو بلیک سیاہی بنانا

کسیس ۲ تولہ کو سیر بھر پانی میں خوب پکاؤ اور تین تولہ انگریزی نیل ڈال کر حل کرو۔ بلیو بلیک سیاہی جو کہ عام طور پر بکتی ہے اور دفتروں وغیرہ میں استعمال ہوتی ہے۔ ہجاویگی۔ استعمال میں لاؤ یا فروخت کرو؛

کاپی لکھنے کی سیاہی بنانا

چپڑا لاکھ عمدہ باراں تولے۔ رومی مصطگی اٹھاراں تولے۔ تارپین آئول چربی ایک تولہ۔ موم چھٹانک اول مصطگی پیس کر اور لاکھ گلا کر دو تو چربی اور موم میں ڈالکر خوب حل کرو۔ پھر نیل تارپین شامل کریں جب تمام چیزیں ایکجان ہو جاویں بعد ازاں خوب گھوٹو اور اتار کر سرد کرکے ٹکیاں بنا رکھو۔ جب ضرورت ہو اس ٹکیا کو ایک پیتل کی کوری میں ڈال کر پیالی میں گھولکر جو شد بکھیر لیں اور کاپی لکھیں۔ مگر دوسرے دن یہ سیاہی کام نہ دیگی اس کو پھینک دیں اور دوسری ٹکیہ دوسرے دن اسیطرح حل کرکے لکھیں۔ یا بہت مقدار میں بناکر فروخت کریں؛

کاپی لکھنے کی درجہ اول سیاہی

موم۔ چربی۔ رال۔ صابون۔ چپڑا لاکھ۔ مصطگی رومی ہر ایک آئولہ۔ کاجل ۲ رتی اول کڑاہی میں چربی ڈالکر گلاؤ۔ پھر موم اور بعد ازاں باقی سب اشیاء ڈالکر گھوٹیں۔ اور جب سب چیزیں یکجان ہو جاویں۔ اتار کر سرد کریں اور ٹکیہ بنا دیں۔ جب ضرورت ہو اس میں تھوڑی سی ٹکیہ لیکر پیتل کی کوری میں گرم پانی میں گھولکر اور ریشم کا ٹکڑا ڈالکر استعمال میں لاویں یہ سیاہی تجارت کا بیوپار بھائی ہنرجو آپ بھی یہ تجارت کریں۔ ہزاروں روپے کی بک جاتی ہے؛

پتھر پر چھاپنے کی سیاہی بنانا

السی کا تیل لوہے یا تانبے کے برتن میں ڈال کر آگ لگا دیں جب تیل آگ پکڑ جاوے۔ تو پتیلہ آگ سے اتار کر پانی کے اوپر رکھدیں۔ جو قوام پیدا ہوجاوے تو سرد ہونے پر حسب ضرورت کاجل ڈال کر گھوٹیں یا جو رنگ آپ کو منظور ہو وہی ڈال کر گھوٹیں پھر کام میں لادیں۔ سیاہی بن گئی اب کارخانہ جاری کرکے ہزاروں روپیہ کی فروخت کریں۔ اور لاکھوں کی مالک ہوجاویں ۔

شنگرفی سیاہی بنانا

شنگرف ۴ تولہ کو پانی میں پیسکر خوب حل کرو اور چار دفعہ ہلا ہلا کر اس کی زرد رنگت کو صاف کرو۔ یعنی ہلا کر جو زرد رنگت کا پانی اوپر آجاوے۔ اسکو پھینک دو۔ اور چار دفعہ ہلانے کے بعد گوند کا لعاب ملاکر استعمال کرو۔ عمدہ عمدہ شنگرفی سیاہی بنجاوے گی ۔

سرخ سیاہی بنانیکا طریقہ

کچی لاکھ ۱۰ تولہ کو ایک سیر پانی میں اسقدر پکاؤ۔ کہ پانی تیسرا حصہ رہ جاوے۔ پھر اتار لو۔ اور استعمال کرو۔ عمدہ سرخ رنگ کی سیاہی بنجاوے گی۔ دواتوں میں یا بوتلوں میں بھرکر فروخت کرو۔ فائدہ اٹھاؤ ۔

کپڑے پر نشان کرنیوالی اور نہ مٹنے والی سیاہی

کاسٹک ایک حصہ پانی ۱۰ حصہ میں گھول کر گیرو اور کا تیل حسب ضرورت ڈالکر بناویں۔ اس کا نشان کیا ہوا۔ ایسا پختہ ہوتا ہے کہ کبھی نہیں مٹتا۔

بلیو بلیک انک پوڈر بنانا

ماجو عمدہ ۱۰ تولہ کسیس ۴ تولہ گوند ببول ½۲ تولہ چینی ۲ تولہ نیل کا ست ½ تولہ سب چیزیں کوٹ ملا کر رکھیں۔ بس بلیو بلیک انک پوڈر بن گیا۔ جب ضرورت ہو۔ ایک چھٹانک پوڈر میں ۱۰ چھٹانک پانی ملا کر جوش دیں اور کپڑے سے چھان لیں لکھنے کی عمدہ سیاہی بنجاویگی۔ ہزاروں روپیہ کی بکثرت بن کر فروخت ہوتی ہے۔ آپ بھی کارخانہ بنائیں اور ہزاروں روپیہ کا انک پوڈر بیچیں۔ اور فائدہ اٹھاویں ٭

دماغ کیلئے خوشبودار تیل بنانا

روغن تل پاؤ بھر۔ روغن کاہو ایک چھٹانک۔ اول تیل مذکور میں پہاڑی رتن جوت ملا کر حل کریں۔ بعدہ۔ کچور۔ چھڑی چھڑیلہ۔ بال چھڑ۔ برادہ صندل سرخ۔ بانڑی۔ یہ جملہ اشیاء چھ چھ ماشہ تیل میں ڈال کر خوب جوش دیکر تیل مذکور کو کپڑے سے چھان لیں اور شیشی میں بھر لیں۔ چند قطرے خوشبو انگریزی کے شیشے میں ڈال لو اور بند کر کے رکھدو۔ بعدہ استعمال کرو ٭

خوشبودار تیل بالوں کیلئے بنانا

ایک سیر تل کا۔ چندن کا تیل ۳ تولہ سنگترہ کا تیل ۵ تولہ۔ بادام روغن ۵ تولہ۔ رتن جوت اتول۔ پہلے تیل میں رتن جوت حل کرو۔ اور جتنا رنگ کرنا ہو کر لو۔ پھر اسکو فلالین کے ذریعے چھان کر باقی چیزیں اس میں ملادو۔ اور پھر پانچ قطرے ابنبھر کے اس میں ڈالدو اور جوش دیں اور چھان کر بوتل میں بھر دیں۔ یہی نسخہ ہے جس سے کلکتہ بمبئی کے سوداگروں نے لاکھوں روپیہ کما کر لاکھوں کی حیثیت بنالی ہے آپ بھی کارخانہ نکالیں اور کوئی دلچسپ نام تجویز کر کے تیل کو فروخت کریں اور مالدار بن جاویں ٭

گدڑی میں لعل

خوشبودار تیل حنا بنانا

برگ حنا ایک سیر کو چار سیر پانی میں پکاویں۔ جب ایک سیر پانی رہ جاوے تب چھان کر ایک سیر میٹھے تیل میں ملا دیں اور ساتھ ہی صندل سرخ کا سفوف ۲ تولہ۔ گل نیلوفر ۲ تولہ۔ پھول گلاب ۲ تولہ۔ مشک کافور ا تولہ ڈال کر نرم آنچ پر پکاویں۔ جب صرف تیل باقی رہ جاوے۔ تب فوراً اتار کر چھان کر اور شیشی میں ڈال کر منہ بند کر کے رکھ دیں۔ یہ تیل ضعف بصر۔ درد سر ضعف دماغ کو دور کرتا ہے۔ اور مغز کو ٹھنڈا رکھتا ہے۔ اس کا بیوپار کرو۔ اور لاکھوں روپیہ کماؤ۔ مجرب ہے ؎

بال لمبے کرنے کا تیل خوشبودار

اسپرٹ گیجارٹ ۲ ماشہ۔ لیموں کا تیل ا ماشہ۔ زیتون کا تیل ۱ چھٹانک ان سب اشیاء کو ملانے سے تیل بن جاوے گا اس کے لگانے سے بال بہت جلدی جلدی بڑھتے ہیں۔ بڑی عمدہ چیز ہے ؎

بال لمبے کرنیکا تیل

برگ بیر آدھ سیر۔ روغن تل پاؤ سیر میں ڈال کر آگ پر چڑھاویں جب پتے تیل مذکور میں جل جاویں۔ تب اس تیل کو آگ سے اتار کر کپڑے میں چھان کر لعبدۂ ۲ تولہ خشک پاؤ بھر تیل مذکور میں جلالو جب یہ تیل جل جاوے۔ تو پہلی طرح کپڑے میں چھان لو۔ چند قطرے عطر حسب مرضی ڈال دو۔ اور روزانہ بالوں پر ملیں۔ بال بہت جلد بڑھیں گے اور خوب ملائم بھی رہیں گے۔ اس کے ذریعے بیوپار کر کے ہزاروں روپے کما لو اور مال دار بنجاؤ

طلسمی سانپ بنانا

کافور ۔ گندہک ڈیڑھ ڈیڑھ چھٹانک ۔ سفیدہ ایک چھٹانک ۔ سب کو علیحدہ علیحدہ پیس کر پھر سریش کو نرم آگ پر پکاویں اور اس میں ملاکر پیسیں اور ڈیڑھ رتی شب یمانی ملاکر بتیاں بناکر رکھ لیں ۔ اس بتی میں سے ذرا سی لیکر دیا سلائی لگانے سے طلسمی سانپ نمودار ہوگا ۔ ہزاروں روپیہ کا بکتا ہے ۔ بناکر فروخت کرو اور لطف اٹھاؤ ؛

بال اڑانے کا پوڈر بنانا

بیرم سلفائیڈ ڈھ تولہ ۔ نشاستہ ۲ چھٹانک ۔ سفیدہ کاشغری ۲ چھٹانک ان سب کو ملانے سے بال اڑانیکیلئے ضرر پوڈر تیار ہوتا ہے ؛ اور جب ضرورت ہو تھوڑا سا لیکر اور پتلی سی بناکر بالوں پر لگادو ۔ دو منٹ میں بال صاف کر دیتا ہے ۔ جلن یا سوزش بالکل نہیں ہوتی ۔ دو پیسہ یا ار فی پڑیہ بناکر فروخت کرو سینکڑوں روپے کا بک جاتا ہے :۔

بال اڑانیکا عرق یا تیل بنانا

بیرم سلفائڈ ایک حصہ ۔ پانی کھولتا ہوا چار حصہ ۔ دونوں کو ایک بوتل میں ڈالکر بند کر دیں جب ٹھنڈا ہو جاوے تو چھان لیں ۔ عمدہ بال اڑانیکا عرق یا تیل تیار ہے ۔ ذرا سا انگلی یا روئی سے جس جگہ کے بال اڑانے منظور ہوں ۔ لگادیں اور دو منٹ کے بعد کسی کپڑے سے صاف کر دیں ضرور بال اڑجاویں گے ۔ یہ بھی سینکڑوں روپیوں کا فروخت ہوتا ہے آپ بھی بناکر فروخت کریں ۔ اور فائدہ اٹھاویں ؛

خضاب لاجواب بنایا کرنا

اول کاسٹک ایک اونس کو لے کر چار اونس صاف پانی میں ڈال دو۔ اور شیشی کا منہ بند کر کے رکھ دو۔ پھر دوسری شیشی میں ٹارٹرک ایسڈ پوٹاس ایک اونس۔ پانچ اونس پانی میں بطریق بالا ڈالو۔ اور علیحدہ رکھ دو جب بال سیاہ کرنے ہو۔ تب پہلے پوٹاس والی شیشی سے بالوں پر لگاؤ۔ اور بعد خشک ہو جانے کے دوسری دوا بالوں پر لگاؤ۔ بال سیاہ ہو جاویں گے اور یاد رکھو کہ شیشیوں پر کاغذ چڑھا کر رکھیں۔ تاکہ دوا خراب نہ ہو جاوے مجرب ہے ؎

خضاب عمدہ بنانے کا طریقہ

سیاہ بھنگرہ۔ ۱ تولہ - ماجو۔ ۱ تولہ - زنگ ہر بڑ ۲ تولہ - سنگ راسخ ۵ تولہ - مردا سنگ۔ ۱ تولہ - نوشادر ۱ تولہ - لونگ ۱ تولہ - نیلہ تھوتھا ۱ تولہ - پھٹکری سفید ۲ ماشہ - کاہی زرد ۳ تولہ - آملہ ۲ تولہ - تیل کڑوا پانچ تولہ - اول ماجو اور زنگ ہر بڑ کو پیس کر تیل گرم کر کے پکاویں۔ بعدہ سرد کر کے چھان لیں - باقی تمام چیزیں خوب باریک کر کے چھان کر سفوف بنا کر اس میں ملا دیں۔ چھ ماشہ کی پڑیاں بنا کر رکھ دیں۔ جب ضرورت پڑے پانی میں بھگو کر اور چھان کر بالوں پر لگاویں۔ عرصہ تک بال سیاہ رہینگے۔ کنگھی اس بھگوئے ہوئے ہوئے خضاب میں ڈبو ڈبو کر بالوں میں پھیریں۔ اور چند منٹ کپڑے سے بالوں کو باندھ دیں ۱۵ منٹ میں بال سیاہ ہو جاویں گے۔ مجرب ہے ؎

جوہر حیات قسم اول بنانا

ست پیاز - ست پودینہ - ست کافور - ست لیموں - ست سونف

۲ ماشہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۳ ماشہ ۱ تولہ

ست الائچی۔ ست اجوائن۔ ست ادرک۔ ست دارچینی۔ روح بادام۔

۱ تولہ ۱ تولہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ ۳ ماشہ

روح پیپرڈینی۔ روح زعفران۔ روح صندل۔ روح پان۔ روح نارنگی

۳ ماشہ ۳ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ ۶ ماشہ

روح جائفل۔ پیپرمنٹ } ان سب چیزوں کو ایک شیشی میں بند کر دیں اور کاگ لگا کر
۳ ماشہ ۱ تولہ } دھوپ میں رکھ دیں۔ ۱۰ منٹ میں مثل تیل کے بن جاویگا۔

یہی جوہر حیات ہے جس کو لوگ کئی ناموں میں بنا کر دو روپے ڈھائی روپیہ فی شیشی کے حساب پر فروخت کرتے ہیں۔ واقعی کل بیماریوں کے لئے مفید ہے۔ اگر اندرونی بیماری ہو تو مصری یا بتاشہ یا پانی میں تین چار بوند ڈالکر کھاویں۔ اگر پھوڑا پھنسی۔ سانپ کا کاٹا ہو تو زخم پر لگاویں۔ درد وغیرہ بیرونی بیماری ہو۔ تو روئی سے اس زخم پر مالش کریں۔ جادو کا اثر دکھاتا ہے آپ بھی اس کا کچھ نیا نام رکھ کر کارخانہ جاری کریں اور سستا کر کے فروخت کریں اور لاکھوں کے آدمی بن جاویں:۔

جوہر حیات درجہ دوئم بنانا

کافور۔ ست اجوائن۔ پیپرمنٹ۔ ست پودینہ } سب کو ایک شیشی میں
۱ تولہ ۱ تولہ ۲ ماشہ ۱ تولہ } ڈالدیں اور دھوپ

میں رکھ دیں۔ ۱ گھنٹہ میں تیل بن جاوے گا۔ اور بحفاظت تمام اس تیل کو رکھیں۔ یہی تیل پچاس بیماریوں پر کام دیتا ہے۔ بیرونی بیماری ہو تو روئی کے پھاہے کے ساتھ اوپر لگاویں اور اگر اندرونی بیماری ہو تو مصری یا بتاشہ پر ڈال کر تین یا چار بوند کھاویں۔ بہت مجرب ہے:۔

عمدہ عطر بنانے کا طریقہ

سپرٹ ۵ تولہ۔ بھنگوا میر گریز ½ تولہ۔ دم الاخوین۔ برگا لوٹ تیل چار ماشہ برگا لوٹ کی خوشبو لشف ڈرام۔ لیموں کی خوشبو ۲ ماشہ سب کو ملا کر استعمال کریں۔ اعلےٰ خوشبودار عطر بن جاوے گا۔

فتنہ بنانے کا طریقہ

عطر حنا	عطر موتیا	عطر گلاب	جس قسم کا فتنہ بنانا ہو۔ ایک تولہ عطر لیکر
اتولہ	اتولہ	اتولہ	اس میں ایک چھٹانک تیل ملا دیں۔

اور ایک چھٹانک موم خالص اس میں ملا دیں اور ذرا گرم کرکے جب یکجان ہو جاویں۔ تو لیٹی کیطرح کرکے اسکو ڈبیوں میں بھر دیں اور فروخت کریں عمدہ اور سستا فتنہ بن جائیگا۔

مونچھوں میں لگانے کی پومیڈ بنانا

موم سفید اصل ایک چھٹانک۔ روغن بادام آدھ سیر۔ روغن زردی ۱۰ بوند عطر گلاب ۵ بوند۔ اول موم اور روغن بادام کو ذرا گرم کرکے کل خوشبوئیں ملا دیں۔ اب یہ پومیڈ بن گئی۔ انگریز صاحبان اور دیسی شرفا اس کو مونچھوں پر لگاتے ہیں۔ بہت عام ہے اور جلدی بک جاتا ہے

مشک کافور بھیم سینی بنانا

۱۰ تولہ بھنگڑی۔ ۶ ماشہ کیلے کا پانی بسنبل رومی ا تولہ۔ ان سب کو ایک شیشی میں ڈالکر کاک لگا کر اور منہ بند کرکے چاولوں کی پکتی ہوئی دیگ میں رکھ دیں جب دیگ پک جاوے۔ تو شیشی نکال لو۔ اور دوسرے برتن میں ڈال کر جما لیں۔

یہ عمدہ مشک کافور بن جاوے گا۔ اگر سنبل رومی نہ ملے۔ تو نیج سک تولہ بھر کافی ہے۔ بیوپار کرو۔ اور کافور بناکر فروخت کرو۔

گیس بنانے کا طریقہ

پتھر کا کوئلہ کوٹ کر ایک لوہے کے پتیلے میں بھر لو۔ پھر اس میں ایک نلکی لگا کر منہ اس برتن کا مضبوط بند کر لو اور نلکی کو دوسرے برتن میں کہ الگ بعدہ کوئلے والے برتن کے نیچے آگ جلانی شروع کریں۔ بذریعہ نلکی کوئلوں کا عرق نکل کر دوسرے برتن میں آجاوے گا اور گیس کہلاوے گا۔ یہی گیس حلوائی کے حق میں بہت عمدہ اور سستا ہے۔ بناؤ اور فروخت کرو۔

چپڑا لاکھ بنانے کا طریقہ

معمولی بازاری لاکھ دانہ دار کڑاہی میں ڈالکر خوب پگھلاؤ۔ جب گل جاوے تب کسی گاڑھے کپڑے میں ڈالکر لپیٹو۔ کپڑے کا ایک سرا کسی کھونٹی سے باندھ دو۔ دوسرا سرا پیچ آہنی سے پھنسا دو۔ اور بل دو۔ بل کھانے سے نرم شدہ لاکھ کپڑے سے چھن کر باہر نکلے گی۔ چھری سے اتار کر الگ رکھتے جاؤ۔ اسی طرح کی صاف شدہ لاکھ چپڑا لاکھ کہلاتی ہے اس کا قدرتی رنگ شربتی ہونا چاہئے:۔

مہر لگانے کی لاکھ تیار کرنا

چپڑا لاکھ ۵ تولہ۔ تارپین ۶ تولہ۔ رال ۴ تولہ۔ چاک ۵ تولہ۔ کاجل ½ تولہ سب کو گرم کر کے خوب حل کریں اور بتیاں بناکر رکھ چھوڑیں۔ یہی لاکھ مہر لگانے کے کام آتی ہے جونسا رنگ دینا چاہیں۔ کاجل کی جگہ وہ رنگ دیں وہی رنگ کی لاکھ بنجاوے گی۔ بناؤ اور فروخت کرو اور روپیہ کماؤ۔

سفری گوند کی ٹکیاں بنانا

عمدہ سریش ایک پاؤنڈ کو پانی میں بھگو دو۔ اور چوبیس گھنٹہ کے بعد لال کھانڈ نصف پاؤ ملا کر اتنی پکاؤ کہ قوام سرد ہونے پر سخت ہو جاوے۔ پھر سانچوں میں بھر کر جس شکل میں ٹکیاں بنانی ہوں۔ بنالو۔ سفر میں جب گوند وغیرہ کی ضرورت ہو۔ تو اس ٹکیاں کو منہ کے لعاب سے تر کرکے کاغذ پر لگا کر چپکا دیں۔ بہت کام کی چیز ہے :

سفری چاء کی ٹکیاں معہ دودھ بنانا

ایک سیر دودھ میں پاؤ بھر پانی ڈال کر ایک چھٹانک چاء ڈال کر خوب پکاؤ۔ جب پتیاں گل جاویں ان کو چھان کر پھر دودھ کا کھویا بناؤ اور حسب پسند میٹھا ڈال کر سانچوں میں ٹکیاں بنالو۔ صرف کھولتے ہوئے پانی کے ایک پیالہ میں دو تین تولہ کی ایک ٹکیا ڈالنے سے عمدہ میٹھی اور دودھ والی چاء تیار ہوتی ہے۔ ہوشیار کرو اور فائدہ اٹھاؤ :۔

گندھک کا گلاس بنانا

صاف شدہ گندھک کو کسی لوہے کے برتن میں ڈال کر پگھلاویں۔ بذریعہ نرم آنچ بعدہ کوئی پیتل کا گلاس لے کر اس میں گھی چوپڑ کر پگھلی ہوئی گندھک کو ڈال دو۔ فوراً جم کر گلاس بن جاوے گا۔ جب سرد ہو جائے تو گلاس نکال لو۔ اس گلاس میں پانی سے کئی بیماریاں دور ہوتی ہیں بہت کارآمد اور حفاظت جسمی کے لئے نایاب تحفہ ہے۔ گندھک صاف اس طریق سے کریں۔ کسی لوہے کے برتن میں گھی ڈال کر آگ پر رکھیں جب گھی گرم ہو جاوے تو اسی قدر گندھک کا سفوف ڈالدیں۔ یہ عمل اسی دفعہ کرنے سے گندھک صاف ہو جاتی ہے حفاظت رہے کہ جل نہ جاوے :۔

گندہک اور کافور کا کٹورہ بنانا

اول کچی مٹی کے دو پیالے سانچے کی طرح بناؤ اور خشک کر لو. پھر ایک پیالہ
میں کافور یا گندہک ڈال کر دوسرا پیالہ اس کے اوپر الٹا کر کے رکھدیں۔
اور دونوں کے منہ والی جگہ چکنی مٹی سے بھر دو اور دو اینٹوں کا چولہا بنا
کر اس کے اوپر کٹورہ رکھ دو اور چراغ میں موٹی بتی جلا کر اس چولہے میں
آگ جلانی شروع کرو۔ اسی آنچ سے کٹورہ بھر جائیگا۔ بعد سرد کرنے کے
نکال لو۔ گندہک کے پیالہ میں دودھ پینے سے کوئی مرض انسان کے
نزدیک نہیں آتی اور دودھ معدے میں جا کر پھٹتا بھی نہیں۔ اور کافور کے
کٹورہ میں پانی پینے سے امراض اچی وغیرہ کا دورہ نہیں رہتا. بہت
اچھی چیز ہے۔ ضرور استعمال کریں ؂

شربت بزوری بنانا

تخم کاسنی. تخم خیارین. پھول گلاب. سونف. ملٹھی } نصف سیر مصری
۳ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ ۱ تولہ } ڈال کر ان سب
کا قوام بنا لیں. شربت بزوری بن گیا ہے. تپدق. یرقان اور ضعف جگر
کے لئے مفید ہے ؂

شربت نیلوفر اور بنفشہ بنانا

نیلوفر $\frac{1}{2}$ پاؤ. مصری ایک سیر. پانی چار حصہ بنا کر قوام کر لیں اور شربت بنفشہ
بھی اسی طرح بنتا ہے. یعنی بنفشہ $\frac{1}{2}$ پاؤ مصری ایک سیر کا قوام کر لیں۔
کھانسی کو نیلوفر کا شربت مفید ہے اور نزلہ. تپدق۔ دل کی گرمی کو بنفشہ
کا شربت فائدہ مند ہے ؂

شربت فریاد رس بنانا

گاؤزبان ۳ تولہ صندل ۲ تولہ اصل گلاب ۳ تولہ دانہ منقہ ۱۴ عدد ڈوڈہ پوست
معہ خشخاش ۴ عدد۔ مصری ۵ تولہ ڈال کر قوام کریں۔
خشک اور تر کھانسی کے لئے یہ شربت اکسیر ہے۔

شربت دینار بنانا

پوست بیخ کاسنی ۳ تولہ۔ تخم کشوث ۳ تولہ۔ ریوند چینی ۲ تولہ۔ تخم کاسنی ۵ تولہ۔ گلاب ۵ تولہ مصری ۲۵ تولہ
میں ڈال کر قوام بناویں۔ دستوں کے واسطے یہ شربت اکسیر ہے
حکمی جلاب ہے :-

شربت املی بنانا

املی لے کر کسی چینی کے برتن میں چار گنا پانی ڈالکر تر کردو۔ تمام رات تر رہے۔ صبح کو اس کا آب زلال لیکر دوگنی کھانڈ میں قوام کریں قوت باہ کے لئے مقوی ہے۔ بعور دماغی اور صفراوی امراض کو مفید ہے :-

شربت انگور بنانا

انگور کا عرق نکال کر اس سے نصف کھانڈ ملاکر قوام کرو اور استعمال میں لاؤ۔ بدن کو سرخ کرتا ہے۔ مواد خون۔ مقوی باہ و دل کی گرمی کو روکتا ہے۔ بہت مجرب ہے

تمر ہندی بہیدمشک ۔ کیوڑہ ۔ الچیار ۔ شہتوت ۔ بادام ۔ نارنجی وغیرہ بھی اسی طریق سے بن سکتے ہیں ۔ بنالیں ؛

کشتہ جست بنانا

عمدہ جست کو لاکر مٹی کے کورے برتن میں ڈال کر چولہے پر رکھدو ۔ اور اس کے نیچے آگ جلادو ۔ جب جست گل جاوے تب درخت نیم کے سبز ڈنڈے سے یعنے لکڑی سے اس جلد کو رگڑیں یہاں تک کہ وہ کشتہ ہو جاوے پس یہ کشتہ تیار ہے ۔ مرض سالس کے لئے مفید ہے :۔

کشتہ جست بنانا

جست کو ایک کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھ کر گلاویں اور اس پر شورے کی چٹکیاں بھر بھر کر ڈالتے جاویں اور لوہے کی سیخ سے ہلاتے جاویں ۔ سفید رنگ کا کشتہ بن جائیگا ۔ اس سے چشم درد و فع ہوتا ہے ۔ شورہ چشم کے لئے مفید ہے :۔

کشتہ شنگرف بنانا

شنگرف ایک تولہ لے کر ایک سیر بھی قند میں نگدہ بنا کر دس سیر اپلوں کی آنچ کلجامت کر نے دیں ۔ کشتہ ہو جاوے گا شیشی میں ڈال کر رکھدیں ۔ اگر اس کو نامرد بھی کھاوے تو حکم خدا سے مرد ہو جاوے ۔ استعمال دو چاول سے ایک رتی تک مکھن میں ملا کر کھاویں ۔ بہت مجرب ہے :۔

کشتہ چاندی بنانا

روپیہ نانک شاہی لیکر پیاز کے عرق میں چالیس بار بجھائیں۔ بعدہٗ ایک بڑے اوپلے میں گہرا گڑھا کھود کر نیچے اور اوپر اجوائن ڈال کر بیچ میں روپیہ رکھدیں۔ اور اوپر دوسرا اوپلہ دے کر ڈھانک دیں۔ اور درمیانی درز بند کرکے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ آگ گڑھے میں دیں۔ جب سرد ہو نکال لیں۔ یہ عمل پچیس بار کریں۔ کشتہ بن جاوے گا؛

کشتہ سونا بنانا

سونے کا پترا ڈیڑھ تولہ لیں۔ برگ پان اور برگ چولائی کانٹوں والی ایک ایک سیر لے کر پیس کر نغدہ بنا لیں۔ اور اس میں پترا بھر کر اسی پاؤ بھر چھ تولہ برادہ رکھ کر دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ یہ عمل دو بار کرنے سے کشتہ بن جاوے گا۔ خوراک ایک چاول بھر بالائی یا مکھن میں کھلائیں اور اوپر سے دودھ پئیں۔ یہ کشتہ چہرے کی رنگت سرخ کرتا ہے۔ دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے:۔

کشتہ مونگا بنانا

مونگے کو گھیکوار کر کے دودھ میں کھرل کرو۔ اور ٹکیاں بناؤ اور دو کورے کوزے لیکر ان میں رکھ کر گلحکمت کریں اور دو سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ کشتہ بن جاوے گا۔ خوراک ا رتی سے تین رتی تک ہمراہ دودھ یا بالائی میں استعمال کریں مفید ہے:۔

کشتہ قلعی بنانا

قلعی مصفا ایک تولہ لیکر رکھیں۔ اور ایک پاؤ سیر بھنگ اور ایک پاؤ پیاز کے نغدے میں رکھ کر مٹی کے کوزہ میں بند کرکے ۱۰ سیر اوپلوں کی آگ دیں اور سرد کرکے نکالیں۔ کشتہ تیار ہو جاوے گا۔
خوراک ۱ رتی مکھن میں کھلاویں۔ اوپر سے دودھ پئیں۔ اس کے استعمال سے سوزاک پرانا بخار وغیرہ جڑھ سے اکھڑ جاتے ہیں۔

کشتہ پارہ بنانا

ایک بڑا چمگادڑ پکڑ کر مار کر اس کے منہ میں ڈیڑھ تولہ پارہ ڈالیں۔ بعدہ مٹی کے برتن میں بند کرکے سات دن زمین میں دفن کرو۔ بعد نکال کر ایک گڑھے میں تین سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ پارہ کشتہ ہو کر کھیل بن جاوے گا۔ خوراک ایک رتی ہمراہ مکھن تازہ دیں۔

تانبول بہار یعنی پان میں کھانیکا مصالحہ

مصطگی رومی	پیپر منٹ	جائفل	جلوتری	الائچی خورد
۱ ماشہ	۱ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ	۲ ماشہ

سپاری چکنی	کتھ سفید
۴ ماشہ	۳ ماشہ

ان سب ادویہ کو عرق پان میں خوب کھرل کرکے عطر صندل بقدر گھونٹ کر گولیاں بنا کر رکھ دیں اب یہ اعلےٰ درجہ کا تانبول بہار بن گیا ہے اس کو ذرا سا پان کے ساتھ خواہ خالی کھانے سے تمام امراض زبان اور دندان دور ہو جاتے ہیں منہ سے خوشبو آتی ہے۔ اعلیٰ درجہ کا مجرب ہے بناؤ اور فروخت کرو۔

تامبول بہار یعنی پان میں کھانے کا مصالحہ

کتھہ سفید کو کیوڑے میں گلاؤ۔ اور اس میں جلوتری جائفل۔ الائچی۔ لونگ زیرہ۔ گلاب۔ زعفران۔ برادہ صندل۔ دارچینی یہ سب چیزیں کوٹ پیسکر کپڑے میں چھان لیں۔ قدرے مشک کا چھوڑ دے اور عرق کیوڑے میں گولیاں بنالیں۔ تمام امراض دہن اور زبان کو نافع ہیں۔ بازار میں فروخت کرو۔ یا بیوپار کرو۔ سینکڑوں روپے کا بک جاتا ہے۔

تمباکو خوردنی کی خوشبودار گولیاں

تمباکو خوردنی کو ایک سیر لیکر دو سیر پانی میں دو رات بھگو دیں۔ اور پھر اسکا مقطر ٹپکا لیں۔ اور پھر اس مقطر کو آگ پر رکھ کر جوش دیں جب وہ مثل قوام کے ہو جاوے۔ پھر اس میں جلوتری دو تولہ۔ الائچی خورد ۹ ماشہ زعفران ۶ ماشہ قدرے کیوڑہ میں باریک پیسکر اس قوام میں ملا دو۔ اور کسی برتن میں بند کر رکھو۔ بعد چار یوم کے مونگ کے دانے کے برابر گولیاں بناکر ورق نقرہ میں لپیٹ کر رکھ دیں اور استعمال کریں۔ بہت عمدہ خوشبودار زردہ بن جاوے گا۔

پارے کی گولی یا گلاس بنانا

پہلے پارہ کو پختہ اینٹ کے برادے میں رگڑ رگڑ کر صاف کر لو۔ پھر پارہ میں تلسی کے پتے ڈال دو۔ پارہ گاڑھا ہوتا جاویگا اور وہ اسی آنچ کی گرمی لگا کر گلاس بناؤ۔ اور دودھی خورد کے پتے ڈالنے سے گولی وغیرہ بھی بن جاتی ہے۔

نمک سلیمانی بنانا

سپیند ہانمک سامر۔ نمک سیاہ۔ پتھر کا نمک چار چار چھٹانک لیکر سیر بھر عرق لیموں میں خوب گھوٹ کر حل کر لو۔ بعدہٗ خشک کر کے اس میں نوشادر ۴ تولہ۔ ست پودینہ ۲ تولہ۔ ست مولی ۸ تولہ۔ اجوائن ۲ تولہ۔ پلپل خورد ۳ تولہ۔ زیرہ سیاہ ۵ تولہ۔ جوکھار ۴ تولہ۔ سونٹھ ۴ تولہ۔ چپار رخار دو تولہ۔ مرچ سیاہ ۵ تولہ۔ دارچینی ۲ تولہ ان سب اشیاء کو ملا کر پیس لیں۔ اور بعدہٗ سوہاگہ چوکیا ۵ تولہ کا کھیلہ بنا کر اس میں ملا دو اور کسی شیشہ یا چینی کے برتن میں رکھو۔ خوراک دو رتی سے ایک ماشہ تک ہے۔ اس سے پیٹ درد۔ بدہضمی۔ بھوک کا کم لگنا وغیرہ مرض دور ہوتے ہیں۔ کھانا جلدی ہضم ہوتا ہے۔ اس کو بنا کر اشتہار دے کر ہزاروں روپے کمائیں اور فائدہ اٹھائیں۔

یہ نسخے خضابات عطیہ جناب مستری ولی محمد خلف الرشید شیر محمد ساکن فیروز پور دروازہ قصوری ہیں

مازو ۱۲ تولہ۔ چھوٹی سریڑ ۱۲ تولہ۔ سنگ رانخ یا برادہ مس ایک تولہ لونگ ۱ تولہ۔ نمک ۱ تولہ۔ طوطیا ۱ تولہ ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ گرم ریت میں بھونیں جب مازو مثل نخود کے تڑک جائے لونگ وغیرہ پھول جائیں اور طوطیا خاک ہو جاوے۔ سب کو علیحدہ علیحدہ خوب باریک پیس کر ملا کر بوتل میں رکھ لیویں اور بوقت ضرورت آملہ کھیسانده میں تھوڑا سے سفوف مذکورہ کر بالوں پر اچھی طرح لگا دیں اور اوپر سے رنڈ کے پتے

باندھ دیویں۔ دو گھڑی بعد کنگھی کر کے گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ بعد میں روغن چمبیلی لگا لیویں اس سے نہ تو جلد سیاہ ہوتی ہے اور نہ ہی دانتوں کا نقصان ہوتا ہے۔ آزمودہ ہے۔

عطیہ خضاب تیل

پوست سماک۔ جوز خندم۔ صاصغراس۔ گلنار فارسی مصطگی۔ پرسیاوشاں۔ طباشیر۔ ہر ایک ۱۰ تولہ۔ برگ وسمہ۔ برگ حنا۔ پوست ہلیلہ زرد۔ برادہ آبنوس جنگلی کبوتر کی بیٹ۔ منقہ ہر ایک ۲۰ تولہ۔ برگ آس۔ برگ جامن۔ برگ شاہترہ ہر ایک ۳۰ تولہ ان تمام چیزوں کو جو کوب کر کے ۱۷ سیر پانی ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب دو سیر پانی رہ جاوے تو اتار کر تیل تل خالص ۳ پاؤ ملا دیں اور ۱۰ یوم تک غلہ گندم میں دفن کریں۔ پھر نکال کر دھوپ میں رکھیں۔ بعدہٗ تمام دوائی چھان لیں۔ اگر پانی دھوپ میں رکھنے سے کچھ رہ جائے تو نرم نرم آگ پر خشک کریں۔ بعد ازاں تیل صاف کر کے بوتل میں بھریں۔ جب استعمال کرنا ہو۔ تو بالوں کو پہلے ۷ ماشہ ست لیموں سیر بھر پانی گرم میں ملا کر دھوئیں جب بال اچھی طرح الگ الگ ہو جاویں۔ تو خضاب لگا دیں۔ قدرتی بالوں سے بڑھ کر بال سیاہ ہو جاویں گے اور روز بروز ہی دن بدن کئی ماہ تک زیادہ ہی زیادہ ہوتی جائے گی۔ مجرب و آزمودہ ہے۔ آزمائش شرط ہے ......۔

عطیہ زبردست

روغن واسطے مخلوق جو کہ بچپن کی بے اعتدالیوں سے رگیں کیسی ہی سست وکمزور پڑ گئی ہوں۔ اور صحبت میں زیادہ سستی ہو اور قضیب بسبب حرارت سے ڈھیلا پڑ گیا ہو۔ ان اشخاص کے لئے یہ تیل نہایت ہی مفید ہے اسرار المخفیہ سے یاد رہے:-

تخم انجیر۔ جند بید ستر۔ ہینگ ۲ درم اور لبان ذکر کو روغن یاسمین میں اور روغن خیری۔ روغن نرگس دو دو درم لیکر اس میں ڈال کر اور باقی ادویات کو کوٹ چھان کر اس میں ملا کر اس کا منہ بند کر کے رکھ چھوڑیں اور بوقت حاجت استعمال میں لاویں۔ نہایت ہی آزمودہ ہے:-

اصلی مکمل صابون سازی

مصنفہ مولوی غلام مصطفیٰ صاحب خلف الرشید مولوی گل محمد صاحب مرحوم لاہوری
ایسی کارآمد اور مفید مطلب کتاب نہ آج تک کسی نے چھاپی ہے اور نہ کوئی
چھاپیگا۔ اس میں صابون سازی کے سب راز بغیر کسی حسد اور بغض کے زر کثیر خرچ کر
کے اور تجربہ کر کے لکھے گئے ہیں جس کے دیکھنے سے مصنف صاحب کی تمام عرقریزی اور
کوشش کا کامل ثبوت ہو سکتا ہے۔ اور جس سے ایک کم علم اور کم عقل اور کم پیسے والا آدمی بلا مدد
کسی استاد کے صابن تیار کر کے لاکھوں روپے کا مالک بن سکتا ہے اور ہمارا دعویٰ
ہے کہ اگر کسی استاد سے ایسے بے بہا ہنر سیکھے جاویں تو پانچ ہزار روپیہ لیکر بھی نہ
سکھاوے۔ اس کتاب میں کئی قسم کے دیسی اور انگریزی صابون عمدہ۔ خالص۔
خوشبودار۔ رنگدار۔ ملاوٹ دار۔ میڈ والا۔ پاک گلیسرین سوپ۔ کاربالک۔ مشک کافور
صندل۔ موتیا۔ کیوڑا۔ نارنگی۔ شربتی۔ بال اڑانیکا صابن۔ ولائتی صابون۔ چربی کا صابن
بذریعہ آگ بنانا۔ اور دس منٹ میں بذریعہ سوڈا کاسٹک بنانا۔ ہر قسم کی تیل کو سفید کرنا
[illegible] بنانا وغیرہ درج ہیں۔ اگر آپ تھوڑے دنوں میں مالدار بننا چاہتے ہیں
تو ضرور [illegible] یدیں۔ اور فائدہ اٹھاویں۔ لکھائی چھپائی کاغذ عمدہ۔ عبارت
بالکل سلیس اور عام [illegible] مگر پہلے ایک ہزار خریداروں سے صرف
آٹھ آنے بمعہ محصول ڈاک لیا جاویگا۔ جلدی خریدیں ورنہ دوسرے ایڈیشن
کا انتظار کرنا پڑیگا۔ اور قیمت بھی اصلی دینی ہوگی۔ قیمت بمعہ محصول ڈاک ۱۰/
منگانے کا پتہ

[illegible] الدین تاجران کتب لاہور بازار کشمیری